ہم پیائشوں کے لئے ،تقریبی قیمتوں کو استعمال کر کے لمبائی اور فاصلوں کو اندازے سے ناپتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک میٹر کے لئے اندازے کے طور پر آپ کے کندھے سے تمہارے پاؤں کی انگلی تک ناپ لیا جاتا ہے۔

جدول کو بھرتی کیجئے (لمبائی)

| شمار عدد | پیائش کی جانے والی شئے | اندازاً طول | حقیقی طول |
|---|---|---|---|
| 1 | میز | | |
| 2 | تختہ سیاہ | | |
| 3 | دریچہ | | |
| 4 | کمپیوٹر | | |
| 5 | دروازہ | | |

جدول کو بھرتی کیجئے۔ (فاصلہ)

| شمار عدد | پیائش کیا جانے والا فاصلہ | اندازاً فاصلہ | حقیقی فاصلہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ہیڈ ماسٹر صاحب کے کمرے سے تمہاری جماعت کے کمرے کا فاصلہ | | |
| 2 | میز اور الماری کا فاصلہ | | |
| 3 | اپنے مقام اور تختہ سیاہ کا فاصلہ | | |
| 4 | ہیڈ ماسٹر صاحب کے کمرے سے کھیل کے میدان کا فاصلہ | | |
| 5 | اپنی جماعت کے کمرے سے جھنڈے کے مستول کا فاصلہ | | |



4th math unit 4
Thursday, March 30, 2023 10:25:56 AM

1۔ نقشہ کو دیکھو اور مندرجۂ ذیل مکمل کرو




i۔ اسماء کے گھر اور پھل کے دکان کا درمیانی فاصلہ .....

ii۔ اسماء کے گھر اور اسماء کے ماموں کے گھر کا درمیانی فاصلہ .....

iii۔ اسماء کے ماموں کے گھر اور مارکیٹ کا درمیانی فاصلہ .....

iv۔ اسکول اور پھل کے دکان کا درمیانی فاصلہ .....

v۔ اسماء کے گھر سے کون سا مقام سب سے دور ہے .....

vi۔ اسماء کے گھر سے کون سا مقام سب سے کم ہے .....

vii۔ اسماء کے گھر اور اسکول کا درمیانی فاصلہ .....



4th math unit 4
Thursday, March 30, 2023 10:25:58 AM

## مشق 4.5

1۔ سمر میں تبدیل کرو۔

a) 5 m  b) 7 m  c) 9 m  d) 16 m

2۔ میٹر میں تبدیل کرو۔

a) 6000 cm  b) 4000 cm  c) 1300 cm  d) 1700 cm

3۔ جمع کرو۔

a.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 4 | 75 |
| + 3 | 18 |
| | |

b.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 25 | 53 |
| + 18 | 24 |
| | |

c.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 48 | 72 |
| + 14 | 34 |
| | |

4۔ تفریق کرو۔

a.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 9 | 28 |
| - 3 | 14 |
| | |

b.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 63 | 47 |
| - 36 | 24 |
| | |

c.

| میٹر m | سمر cm |
|---|---|
| 96 | 32 |
| - 20 | 48 |
| | |

5۔ حمید نے اپنا پروجکٹ بنانے کے لئے 13 میٹر 25 سمر ربن استعمال کیا، اگر اس نے 20 میٹر ربن خریدا ہو تو، اس کے پاس بقیہ کتنا ربن ہوگا؟

6۔ بس اسٹانڈ سے مدرسہ کا درمیانی فاصلہ 81 میٹر اور 40 سمر ہے اور مدرسہ سے مسجد تک کا درمیانی فاصلہ 20 میٹر 10 سمر ہے۔ بس اسٹانڈ سے مسجد تک کا کل فاصلہ معلوم کرو۔

7۔ سلمان کے پاس 4 میٹر لمبا ایک لکڑی کا ٹکڑا ہے۔ وہ اس کو مساوی دو لمبائیوں میں ٹکڑے کرنا چاہتا ہے۔ ہر ایک ٹکڑے کی لمبائی ملی میٹروں میں کیا ہوگی؟



4th math unit 4
Thursday, March 30, 2023 10:25:58 AM

## 5.1 دنوں اور ہفتوں کو سمجھنا

### اعادہ

استانی صاحبہ غباروں میں ہفتہ کے دنوں کے ناموں کو لکھ دینے کے بعد طلباء اور طالبات کو غبارے پکڑنے کو کہتی ہیں۔ ان کو ترتیب سے کھڑے رہنے اور ایک دوسرے کے ساتھ کو تھامے کھڑے رہنے کی ہدایت دیتی ہیں۔

اب آیئے مندرجۂ ذیل نغمہ گاتے ہیں۔




وار.....وار.....وار..... پہلا دن ہے اتوار
ہر گھر میں ہوتی ہے خوشیوں کی بہار
پیر.....پیر.....پیر..... دوسرا دن ہے پیر
جلدی جائیں اسکول کبھی نہ جائیں دیر
گل .....گل.....گل..... تیسرا دن ہے منگل
صبح سویرے اٹھ کر مسجد جانا افضل
شنبہ.....شنبہ.....شنبہ..... چوتھا دن ہے چہارشنبہ
پڑھنا لکھنا سیکھو، ملے گا بڑا رتبہ




رات.....رات.....رات..... آئی ہے جمعرات
ساتھ ساتھ ساتھ، مل کر کریں گے بات
جمعہ.....جمعہ.....جمعہ.....، مسجد میں ہوگا خطبہ
مسجد سے باہر آکر خوشی سے دیں گے صدقہ
ہفتہ.....ہفتہ.....ہفتہ..... آخری دن ہے ہفتہ
آج ہمارے گھر میں پکے کا گرم کوفتہ

تاج ترپاتوری



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:11 PM

## مشق 5.1

1. درج ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔

i۔ ہفتہ کا پہلا دن کون سا ہے؟

ii۔ ہفتہ میں تم کتنے دن مدرسے کو آتے ہو؟ وہ کون سے ہیں؟

iii۔ ہفتہ میں کتنے دن چھٹی رہتی ہے؟ وہ کون سے ہیں؟

iv۔ ہفتہ کا تیسرا دن کون سا ہے؟

2. نیچے دئے گئے دنوں کے حرفوں کو صحیح طرح جوڑ واور ہفتہ کے دنوں کو ترتیب وار لکھو۔

| (دنوں کے نام) بے ترتیب حروف | دنوں کے نام |
|---|---|
| م ع ج ا ت ر | |
| ہ ع ج م | |
| ا و ت ر ا | |
| ر ی پ | |
| ن م ل گ | |
| ر ا ہ چ ن ش ب ھ | |
| ف ت ہ ہ | |

| ہفتہ میں دنوں کی ترتیب |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

1۔ تمام مہینوں کے ناموں کو کارڈ میں لکھ کر میز پر بکھیر دو، بچوں سے کہو کہ کارڈ کو مہینے کے مطابق ترتیب دے کر ہر مہینے کے دنوں کی تعداد کو لکھیں۔

2۔ طلباء/طالبات حلقے میں گھومتے رہیں۔ جب استاد جمع کہیں تو ہر ایک طالب/طالبہ جمعہ کے دن کے لئے مقرر کی گئی جگہ میں کھڑے ہو جائیں۔



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:11 PM

## 5.2 تاریخوں کی نشان دہی کرنا

| 2023 | | | | اگست | | AUGUST |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | پیر | منگل | چہارشنبہ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | | |

کیلنڈر کے استعمال سے، مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات دیجئے۔

1۔ اس مہینے کے تیسرے چہارشنبہ کی تاریخ کیا ہے؟
2۔ دوسرے اتوار کے بعد کے دن کی تاریخ کیا ہے؟
3۔ چوتھے منگل کے پہلے دن کی تاریخ کیا ہے؟
4۔ تیسرے جمعہ کے بعد کے دن کی تاریخ کیا ہے؟
5۔ اگست کے مہینے میں کتنے دن ہیں؟
6۔ جولائی کے مہینے کا آخری دن کونسا ہے؟
7۔ کونسا دن ہوگا؟
i۔ 11 اگست کے 4 دن بعد
ii۔ 19 اگست کے 7 دن بعد

### کارروائی

### یومِ پیدائش کا کیلنڈر Birthday Calender

اپنے خاندان کے تمام لوگوں کی یومِ پیدائش لکھو اور جواب دو:

| نام | دن | ماہ | سال |
|---|---|---|---|
| ابوّ | 10 | 1 | 1986 |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

1. آپ کے خاندان میں سب سے عمر رسیدہ کون ہیں؟
2. سب سے کم عمر کون ہیں؟
3. ان دونوں میں کا درمیانی فرق کیا ہے؟
4. آپ اپنا 12 ویں یومِ پیدائش کب مناؤ گے؟



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:11 PM

## 5.3 ایک سال میں موجود ہفتوں کا حساب لگانا

### 2023 Calendar

**January**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |

**February**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | | | | |

**March**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | |

**April**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |
| 30 | | | | | | |

**May**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | 31 | | | |

**June**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**July**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |
| 30 | 31 | | | | | |

**August**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | | |

**September**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

**October**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |

**November**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | | |

**December**

| Su | Mo | Tu | We | Th | Fr | Sa |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | | | | | | |

کیلنڈر ہفتہ کے دنوں اور سال کے مہینوں کو ظاہر کرتا ہے۔ ہم کسی مخصوص دن کی تاریخ اور مخصوص مہینہ کو اس سے معلوم کر سکتے ہیں۔

### کارروائی 1

موجودہ سال کا کیلنڈر استعمال کر کے جدول کو مکمل کیجئے۔

| تقریب | مہینہ | دن |
|---|---|---|
| عید الفطر | | |
| یوم اساتذہ | | |
| یوم اطفال | | |
| یوم آزادی | | |
| یوم جمہوریہ | | |

1۔ آج تاریخ کونسی ہے؟

2۔ آج کے دن سے کونسی عید بہت جلد آنے والی ہے؟

3۔ آج کے دن سے عید کے لئے کتنے دن باقی ہیں؟

4۔ کونسا تہوار/تقریب بالکل آخر میں آئے گی؟

5۔ ایک سال میں پہلے اور آخری تہوار کے درمیان میں کتنے مہینے باقی ہیں؟



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:12 PM

## کارروائی 2

آیئے معلوم کرتے ہیں کہ سال میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟

2023 کیلنڈر کے استعمال کے ذریعہ ڈبوں کو بھرتی کرو۔

| سیریل نمبر | مہینوں کے نام | مہینہ کے دنوں کی تعداد | ہفتوں اور دنوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| 1 | January جنوری | 31 | 4 ہفتے 3 دن |
| 2 | February فروری | 28 | 4 ہفتے 0 دن |
| 3 | March مارچ | 31 | 4 ہفتے 3 دن |
| 4 | April اپریل | 30 | ہفتے دن |
| 5 | May مئی | 31 | ہفتے دن |
| 6 | June جون | 30 | ہفتے دن |
| 7 | July جولائی | 31 | ہفتے دن |
| 8 | August اگست | 31 | ہفتے دن |
| 9 | September ستمبر | 30 | ہفتے دن |
| 10 | October اکتوبر | 31 | ہفتے دن |
| 11 | November نومبر | 30 | ہفتے دن |
| 12 | December دسمبر | 31 | ہفتے دن |
| | کُل | 365 | ہفتے دن |

### کیا تم جانتے ہو

i۔ 1 سال = 12 مہینے

ii۔ 1 ہفتہ = 7 دن

iii۔ 1 سال = 52 ہفتے

iv۔ 1 سال = 365 دن



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:12 PM

## آیئے جانکاری حاصل کرتے ہیں

لیپ سال ہر 4 سال میں ایک مرتبہ آتا ہے۔
لیپ سال میں 366 دن ہوتے ہیں۔
لیپ سال میں 52 ہفتے اور دو دن ہوتے ہیں۔
لیپ سال میں فروری میں 29 دن ہوتے ہیں

## کارروائی

اپنے اسکول کے تین میعادی چھٹیوں کو درج کرو۔

| میعاد | تاریخ | | دنوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| | سے | تک | |
| پہلی میعاد میں چھٹیاں | | | |
| دوسری میعاد میں چھٹیاں | | | |
| تیسری میعاد میں چھٹیاں | | | |

## 5.4 ایک سال میں موجود دنوں اور ایک مہینہ میں موجود دنوں کا رابطہ قائم کرنا

## کارروائی

جدول مکمل کرو۔

| 31 دنوں کے مہینے | 30 دن کے مہینے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

## کوشش کیجئے

2020 ایک لیپ سال ہے۔اس کے بعد کے دو لیپ سال معلوم کرو۔



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:13 PM

## مشق 5.2

**1۔ صحیح / غلط لکھو۔**

i۔ جنوری سال کا پہلا مہینہ ہے۔

ii۔ ستمبر اور نومبر کے درمیان مارچ کا مہینہ ہوتا ہے۔

iii۔ سال کا آخری مہینہ جولائی کا ہے۔

iv۔ فروری میں 30 دن ہوتے ہیں

v۔ مئی کے بعد اپریل کا مہینہ آتا ہے۔

**2 ۔ چھوٹے ہوئے مہینوں کو لکھئے۔**

i۔ جون ، ..... ، آگسٹ ، ستمبر

ii۔ مارچ ، اپریل ، ..... ، .....

iii۔ ..... ، اکتوبر ، نومبر

## 5.5 ایک گھڑی میں گھنٹے اور منٹوں میں وقت معلوم کرنا۔

**تعارف** استاد طالب علموں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اس طرح کے سوالات کریں گے۔

استاد : تم صبح کتنے بجے اٹھتے ہو؟

طالب علم : .....

استاد : تم کب اسکول کے لئے گھر سے نکلتے ہو؟

طالب علم : .....

استاد : تم کس وقت دوپہر کا کھانا کھاتے ہو؟

طالب علم : .....

استاد : شام میں تم کس وقت کھیلتے ہو؟

طالب علم : .....

استاد : تم کس وقت سوتے ہو؟

طالب علم : .....



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:13 PM

# وقت




ایک گھڑی میں 1 سے 12 تک کے اعداد ہوتے ہیں اور اس میں تین سوئیاں ہوتی ہیں۔

چھوٹی سوئی گھنٹے کی سوئی ہوتی ہے۔
بڑی سوئی منٹوں کی سوئی ہوتی ہے۔
سرخ سوئی سکنڈ کی سوئی ہوتی ہے۔

## کارروائی

طلباء کو ایک دائرہ میں کھڑا ئیے۔ ان میں سے ایک کے پاس گھڑی کا ایک نمونہ دیجئے۔ اس گھڑی کو ایک دوسرے کے پاس دینے کے لئے کہئے۔ استاد جب اشارہ کرے تو گھڑی جس کے ہاتھ میں ہوگی، وہ اس گھڑی میں موجود سوئیوں کی مدد سے وقت بتائے گا۔ جس طالب علم نے بالکل درست وقت بتایا، اسے شاباشی دیجئے۔



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:13 PM




## کارروائی

اپنے گھر میں مندرجۂ ذیل کارروائیوں کے لئے آپ کو کتنا وقت لگتا ہے۔

1۔ اپنے دانتوں کی صفائی کرنے میں

2۔ ایک گلاس پانی بھرنے میں

3۔ اپنے کمرے کی صفائی میں

استاذہ سے : گھڑی کے نمونے کی مدد سے منٹ کا تعارف کروایئے۔

(1 گھنٹہ = 60 منٹ)

## منٹوں کو معلوم کرنا




## آیئے جانکاری حاصل کرتے ہیں

بارہ بج کر پینتالیس منٹ (پونے ایک)

12:45

ساڑھے بارہ

12:30

سوا بارہ

12:15



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:14 PM

## مشق 5.3

**1. ذیل کے جوابات دیجئے:**

i۔ اپنے گھر سے اسکول کے لئے کب نکلتے ہو؟

ii۔ اپنی اسکول کب پہنچتے ہو؟

iii۔ اسکول پہنچنے کے لئے آپ کو کتنا وقت لگتا ہے؟

iv۔ اگر 10 منٹ تاخیر ہو جائے تو، اسکول کب پہنچتے ہو؟

v۔ اگر 5 منٹ پہلے نکلتے ہو تو، اسکول کب پہنچو گے؟

vi۔ اگر سلیم اسکول 8:30 بجے پہنچتا ہے اور وسیم اس کے 30 منٹ بعد پہنچتا ہے، تو وسیم اسکول کتنے بجے پہنچے گا؟

**2. اپنے مقام سے حرکت کرنے کے لئے گھنٹے کی سوئی کو کتنا وقت لگے گا؟**

i سے تک ____ گھنٹے

ii سے تک ____ منٹ

iii سے  تک ____ منٹ



**کوشش کیجئے**

گھڑی میں اپنے پیدائش کے وقت کو نشان کیجئے۔



4th maths unit 5f
Thursday, March 30, 2023 2:19:14 PM

# اطلاعات کو عمل میں لانا

## Information Processing




## 6.1 منظّم طور پر فہرست بنانا

ایک سے زیادہ حالات کے ساتھ دی گئی قسم کے لئے تمام ممکن اشیاء کی فہرست بنائیے۔

### مثال

دئے گئے تین رنگوں کی مدد سے ذیل کی جدول کو تمام ممکن طریقوں سے رنگ بھریئے۔



ہر ایک ڈبہ میں رنگوں کی ترتیب کی فہرست بنائیے۔



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:43 PM

## کارروائی

2 پینٹس ،4 قمیص کے استعمال سے کپڑے پہننے کے تمام ممکن طریقے بتائیے۔

سرخ رنگ کی قمیص

گلابی رنگ کی قمیص

ہرے رنگ کی قمیص

نیلے رنگ کی قمیص

خاکستری رنگ کی پینٹ

نیلے رنگ کی پینٹ

## مثال

| 5 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|

کتنے دو ہندسی اعداد بنائے جا سکتے ہیں؟

(اعداد کو دہرائے بغیر)




ہم نے بارہ 2 ہندسی اعداد بنائے ہیں۔



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:43 PM

## کوشش کیجئے

1۔ مندرجۂ ذیل لفظ کے ذریعے، 3 حرف کے لفظوں کو بنائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تال | اسم | سال | | |

2۔ دئے گئے حرفوں کو صرف ایک مرتبہ استعمال کرتے ہوئے 3 حرفی الفاظ بنائیے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہ | د | ن | ک | ا | س | ب | ے | ر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ناک | سیب | | | |

3۔ ’’ ن ‘‘ پر ختم ہونے والے کوئی 3 حرفی لفظوں کو لکھو۔

## مشق 6.1

1۔ | 9 | 7 | 2 | ان اعداد کو دہرائے بغیر تین ہندسی ممکن عدد کے کتنے طریقے ہو سکتے ہیں؟

2۔ ہوٹل میں آپ کو ناشتہ اور مشروب کو منتخب کرنا ہوگا۔ فہرست درج ذیل ہے۔

| ناشتہ | مشروب |
|---|---|
| اڈلی | چائے |
| پوری | کافی |
| چیلا | دودھ |
| پونگل | |

آپ کے ناشتے میں پسند کی فہرست بنائیے۔



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:43 PM

3۔ عامر کے پاس چار کارڈس 6 4 7 9 ہیں۔

(i) تمام ممکن 3 ہندسی اعداد کی فہرست بنایئے۔(بغیر دہرائے).

(ii) بغیر اعداد کو دہرائے کون سے 4 ہندسی بڑے طاق اعداد کو بنائے جا سکتے ہیں؟

4۔ دوڑ کی بازی کے 6 کھلاڑی ہیں۔ کتنے مختلف ممکن طریقوں سے 3 تمغوں (سونا، چاندی اور پیتل) کو ان میں بانٹا جا سکتا ہے؟

## 6.2 معلومات کو جمع کر کے ستونی ترسیم کی شکل میں ظاہر کرنا

### ستونی ترسیم

عفیفہ کو اس کے گھر میں کتابیں، پنسل، سیاہی، قلم وغیرہ کی بحالی کے لئے ریکارڈ رکھنے کا کام دیا گیا۔ اس نے ایک کے بعد ایک گنتی کرنا شروع کی مگر کچھ وقفہ کے بعد وہ گنتی بھول گئی اور پریشان ہوگئی۔ تب اس کی سہیلی مسکان اس کی مدد کے لئے پہنچی۔ اس نے پہلے اشیاء کی گروپ بندی کی۔ یوں کہئے، پنسلیں، مٹانی، اسکیل، درسی کتابیں، نوٹ بکس، میگزین، قلم تراش۔ اب عفیفہ نے اس کی گنتی کی اور مندرجۂ ذیل طریقہ سے ان کو لکھا۔

| اشیاء | تعداد | اشیاء | تعداد |
|---|---|---|---|
| پنسل | 4 | نوٹ بکس | 10 |
| مٹانی | 2 | قلم تراش | 1 |
| اسکیل | 2 | میگزین | 25 |
| درسی کتاب | 18 | | |






4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:44 PM

## مثال

فاطمہ نے اپنے اسکول کی سہیلیوں کے پسندیدہ مشروبات کے متعلق اطلاعات (data) جمع کیا۔ اس نے اطلاعات (data) کو اس طرح پیش کیا۔




(i) کافی پینے والی سہیلیوں کی تعداد _____

(ii) سب سے کم پی جانے والی مشروبات _____

(iii) کون سا مشروب یہ زیادہ استعمال کرتی ہیں؟

(a) کافی (b) چائے (c) دودھ

## کوشش کیجئے

طلباء/ طالبات کے گھروں میں استعمال ہونے والے گیس، کیروسین اور لکڑی کے چولھوں کو ستونی نقشہ کے ذریعے ظاہر کرو۔

## مشق 6.2

1۔ ستونی ترسیم کے ذریعے طلباء/ طالبات کے پہلی میعاد کے مارکس




(i) طلباء نے زیادہ مارکس کس مضمون میں حاصل کیا؟

(ii) کون سے مضمون میں ان کے مارکس بالکل کم ہیں؟

(iii) کون سے دو مضمون میں مارکس یکساں ہیں؟



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:44 PM

2۔ کرکٹ میچ میں کھلاڑیوں کے ذریعے بنائے گئے رن حسبِ ذیل ہیں۔

| کھلاڑیوں کے نام | دن |
|---|---|
| فیضان | 60 |
| قیس | 40 |
| کاشف | 50 |
| فیض | 10 |

## 6.3 معلومات کو گول نقشے (پئی چارٹ) سے ظاہر کرنا

ایک مخصوص چارٹ جو ''کیک کے ٹکڑوں'' کے استعمال کے ذریعے معلومات کے نسبتی جسامتوں کو ظاہر کرتا ہے، گول نقشہ (Pie-chart) کہلاتا ہے۔

### مثال

دئے گئے معلومات کے لئے ایک گول نقشہ بنائیے۔

کسی کلاس میں 60 طلبہ نے ایک ہوٹل میں ناشتہ کیا۔

آدھے طلباء نے اِڈلی لی، بقیہ آدھے طلباء

نے پوری اور آدھے طلباء نے چیلا لیا۔

پئی چارٹ بنانے کے کا طریقہ یہاں دیا گیا ہے۔

پئی چارٹ گول نقشہ




### کوشش کیجئے

دئے گئے معلومات کو استعمال کر کے مندرجۂ ذیل سوالوں کے جوابات لکھو:




1۔ ٹمل بات کرنے والوں کی تعداد .....

2۔ انگریزی بات کرنے والوں کی تعداد .....

3۔ ملیالم بات کرنے والوں کی تعداد .....

4۔ تلگو بات کرنے والوں کی تعداد .....



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:44 PM

## کارروائیاں

آپ کے دوستوں کے پسندیدہ پھلوں پر ایک گول نقشہ بناؤ۔

## مشق 6.3

1۔ آئس کریم کے دکان میں موجود آئس کریم کی قیمتوں کی تعداد کو گول نقشے کے ذریعہ ذیل میں دیا گیا ہے۔ مندرجۂ ذیل کے سوالات کے جوابات لکھئے۔




(i) آئس کریم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(ii) ونیلا آئس کریم کی تعداد ..... ہے۔

(iii) چاکلیٹ اور پستہ آئس کریم دونوں کی جملہ تعداد ..... ہے۔

(iv) جملہ آئس کریم کی تعداد ..... ہے۔

2۔ دئے گئے گول نقشہ کے ذریعہ انسانی جسم میں اجزاء کے فیصد کو لکھو۔






4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:44 PM

3۔ 30 بچوں پر مشتمل کسی کلاس میں، غیر حاضر بچوں کے ریکارڈ کو ترسیم کے ذریعہ دکھلایا گیا ہے۔




(i) کس مقابلے میں زیادہ طلباء نے حصہ لیا ہے؟

(ii) کس مقابلے میں کم طلباء نے حصہ لیا ہے؟

4۔ آپ کے خاندان کے افراد کے پسندیدہ مٹھائیوں پر ایک گول نقشہ بناؤ۔



4th math unit 6
Thursday, March 30, 2023 3:02:44 PM






4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:05:35 PM

# فہرست


| اکائی | عنوان | صفحہ نمبر | مہینہ |
|---|---|---|---|
| 1 | میرا جسم | 82 | جون |
| 2 | مادّہ اور اشیاء | 95 | جون-جولائی |
| 3 | کام اور توانائی | 103 | جولائی-آگست |
| 4 | روزمرہ زندگی میں سائنس | 113 | آگست-ستمبر |


Z7GJ9

E-Book

QLFCY

Evaluation



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:05:57 PM

اکائی 1

# میرا جسم
# My Body

سیکھنے کے مقاصد:

اس سبق کے اختتام پر طلباء وطالبات یہ جانکاری کر چکے ہوں گے۔

- انسان کے اندرونی اعضاء کی شناخت اوران کی تفصیلات۔
- اندرونی اعضاء کے اہم افعال کی فہرست بنانا۔
- دانتوں کی قسموں کا فرق معلوم کرنا۔
- دانتوں کی صحت کی اہمیت جاننا۔
- اچھی نیت اور بدنیت سے چھوئے جانے سے متعلق آگاہ ہونا۔

## آیئے اعادہ کریں:

نیچے دی گئی جدول میں چند جسمانی حصے چھپے ہوئے ہیں۔کیا تم ان کی شناخت کر سکتے ہو؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پ | ھ | ش | ھ | ل | م | ط |
| پ | ب | ص | ا | ف | ع | ن |
| ا | ی | م | ت | ق | گ | ا |
| ؤ | ج | ن | ھ | ن | ا | ک |
| ں | غ | ھ | س | ر | ک | ظ |

## I۔ اندرونی اعضاء

ہمارے جسم کے چند جسمانی حصوں کو ہم دیکھ سکتے ہیں جیسے آنکھیں، ناک، کان، ہاتھ اور پاؤں۔
وہ اعضاء جنہیں ہم دیکھ سکتے ہیں، بیرونی اعضاء کہلاتے ہیں۔

ہمارے جسم کے چند جسمانی حصے جیسے معدہ، پھیپھڑا، دل اور دماغ وغیرہ جسم کے اندر ہوتے ہیں۔
وہ اعضاء جنہیں ہم دیکھ سکتے ہیں، اندرونی اعضاء کہلاتے ہیں۔
آیئے ان حصوں کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کریں۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:05:57 PM

## 1۔ دماغ (Brain)

دماغ ہمارے جسم کا ایک اہم عضو ہے اور یہ کھوپڑی کے اندر محفوظ ہے۔
اس کے تین اہم حصے ہیں۔

1۔ اگلا دماغ
2۔ وسطی دماغ
3۔ پچھلا دماغ

دماغ ہمارے جسم کے حکم دینے کا مرکز ہے اور یہ ہمیں سوچنے اور کئی افعال انجام دینے میں مدد کرتا ہے۔
ہر کام جیسے ہاتھوں کی حرکت، بیٹھنا یا چلنا ہمارے دماغ ہی کے سبب ممکن ہے۔

انسانی دماغ کا وزن تقریباً 1.360 کلوگرام ہے۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے:

1۔ ..... (ناک/دماغ) اندرونی عضو ہے۔
2۔ ہم جسم کے اندرونی حصوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ (صحیح / غلط)

### آؤ کھیلیں:

**حافظے کا سلسلہ دماغی گیم** (استاد کی مدد سے کارروائی)

**کس طرح کھیلیں؟**

1۔ طلباء/ طالبات کو حلقے میں بیٹھنے کو کہیں۔
2۔ مختلف جسمانی حصوں کے تصویری کارڈوں کو پہلے طبق میں رکھیں اور دوسرے طبق کو خالی رکھیں۔
3۔ اب کسی طلباء کو ایک کارڈ اٹھانے کو کہیں اور جسم کے حصے کے نام بولنے کو کہیں اور اس کارڈ کو دوسرے طبق میں رکھیں۔

4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:05:58 PM

4۔ دوسرے طلباء کو بلائیں، اس کو دوسرا کارڈ اٹھانے کو کہیں اور پہلے اور دوسرے کارڈ کا نام پڑھیں۔

5۔ اس کے بعد طلباء کو دوسرا کارڈ اٹھانے کو کہیں اور پہلے کے دو کارڈوں اور نئے کارڈ کے نام پڑھنے کو کہیں۔

6۔ بالکل اسی طرح، تمام طلباء کو ایک ایک کارڈ اٹھانے کو کہیں اور پچھلے والے کارڈوں اور نئے کارڈوں کے ناموں کو پڑھنے کو کہیں۔



## 2۔ پھیپھڑے (Lungs)



پھیپھڑے جوڑی دار اسفنجی، تھیلی نما اعضاء ہیں جو سینے کے اندر واقع ہیں۔ یہ ہمیں سانس لینے میں مدد دیتے ہیں۔

- جب ہم سانس لیتے ہیں تو ہوا سے آکسیجن کو ناک کے ذریعہ پھیپھڑوں کو پہنچاتے ہیں۔ اب پھیپھڑے پھیل جاتے ہیں۔ (بڑے ہو جاتے ہیں۔)
- جب ہم سانس چھوڑتے ہیں تو پھیپھڑوں کی کاربن ڈائی آکسائیڈ کو ناک کے ذریعہ ہوا میں خارج کرتے ہیں۔ اب پھیپھڑے سکڑ جاتے ہیں۔ (چھوٹے ہو جاتے ہیں۔)

### آؤ کھیلیں:

بڑا اور چھوٹا (استاد تمام بچوں کو غبارہ دیں)

استاد : غبارہ کو پھونکئے۔ ..... تم نے کیا دیکھا؟

طلباء : یہ بڑا ہو گیا۔ (پھول گیا)

استاد : بالکل اسی طرح، جب ہم سانس لیتے ہیں تو پھیپھڑا بڑا ہو جاتا ہے، اگر تم غبارہ سے ہوا خارج کر دو گے تو کیا ہوگا؟

طلباء : غبارہ چھوٹا ہو جائے گا۔

استاد : اسی طرح جب ہم ہوا خارج کرتے ہیں تو پھیپھڑا چھوٹا ہو جاتا ہے۔

سینے کے اندر دو غباروں کی طرح ہمارے پھیپھڑے کام کرتے ہیں۔ جب ہم ہوا کو سانس لے کر اندر کرتے ہیں تو پھیپھڑے بڑے ہو جاتے ہیں۔ جب ہم سانس چھوڑتے ہیں تو ہوا پھیپھڑوں سے باہر نکل جاتی ہے، جس کی وجہ سے وہ چھوٹے ہو جاتے ہیں۔



## 3۔ معدہ Stomach

معدہ انگریزی حرف J کی شکل کی تھیلی ہے جو پھیپھڑوں کے نیچے ہوتا ہے۔

یہ غذائی اشیاء کو توڑ کر ہمیں توانائی عطا کرتا ہے۔ ان میں مخصوص خامرے (juice)



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:03 PM

ہوتے ہیں جو غذا کو توڑ پھوڑ کر توانائی دیتے ہیں۔



BTD6I

## 4۔ دل (Heart)

ہمارا دل ایک پمپ کرنے والا عضو ہے۔ یہ جسم کے تمام حصوں کو خون پمپ کرتا ہے۔ یہ پھیپھڑوں کے درمیان تقریباً سینے کے درمیان ہوتا ہے۔ یہ عضلات سے بنا ہوا ہے۔

### مزید جانکاری کے لئے

دل ایک منٹ میں 72 مرتبہ دھڑکتا ہے۔

### آؤ بنائیں

صدر بین (Stethoscope)

ہمیں درکار اشیاء:

لچک دار ٹیوب، چھوٹے قیف 2 عدد، بڑا ٹیپ، غبارے اور قینچی

بنانے کے مرحلے:

1۔ لچک دار ٹیوب کے دونوں جانب، قیف کے نچلے حصے کو داخل کر کے اچھی طرح دبائیں۔

2۔ دونوں قیف اور ٹیوب کے دونوں جانب ٹیپ سے چپکا دیں۔

3۔ غبارہ کو پھول کر اسے پھیلنے دیں۔

4۔ اب ہوا خارج کر کے غبارہ کی گردن کو کاٹ دیں۔

5۔ قیف کے کھلے حصے پر غبارے کے بقیہ حصے کو پھیلا دیں اور ٹیپ سے چپکا دیں۔

6۔ صدر بین کے قیف کے حصے کو دل کی جانب اور دوسرے قیف کو تمہارے کان کے قریب رکھیں۔

7۔ کیا تم دل کے دھڑکنے کی آواز کو سنتے ہو؟



## 5۔ گردے (Kidneys)

ہمیں دو گردے ہیں۔ یہ سیم کی بیج کی شکل کے اعضاء ہیں۔ گردے زائد پانی اور زہریلے مادّوں کو تقطیر کر کے خون کو پاک کرتے ہیں۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:08 PM

## جواب دینے کی کوشش کیجئے:

جوڑ لگاؤ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ جوڑی دار اسفنجی تھیلی | - | معدہ |
| 2۔ J نما تھیلی | - | گردہ |
| 3۔ زائد پانی کو چھاننا | - | دماغ |
| 4۔ حکم دینے کا مرکز | - | دل |
| 5۔ خون پمپ کرنا | - | پھیپھڑا |

## مزید جانکاری کے لئے

ایک اکہرے گردے کا آدھا حصہ، دو گردوں کے کام کرنے کی قابلیت رکھتا ہے۔

## 6۔ ہڈیاں اور عضلات (Bones and Muscles)



ہمارا جسم ہڈیوں اور عضلات سے بنا ہوا ہے۔ اپنے اوپری بازو کو دبایئے۔ جو حصہ چھونے پر سخت ہوتا ہے، وہ ہڈی کہلاتا ہے اور جو حصہ چھونے پر ملائم محسوس ہوتا ہے، عضلہ کہلاتا ہے۔

ہڈیاں ہمیں شکل فراہم کرتی ہیں۔ یہ ہمارے جسم کے لئے فریم (ڈھانچہ) کی طرح ہیں جو ہمیں کودنے، بھاگنے یا نیچے بیٹھنے میں مدد دیتی ہیں۔ ہڈیاں اندرونی اعضاء کی حفاظت کرتی ہیں۔

عضلات نرم ملائم حصے ہیں، جو ہڈیوں کو ڈھکے ہوئے ہیں۔ یہ ہمیں، ربڑ بینڈ کی طرح سختی یا ڈھیلا پن کے ذریعے ہمارے جسم کے مختلف حصوں کو حرکت کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

صحت مند ہڈیوں کی بحالی کے لئے ہمیں صحت مند غذا جیسے دودھ، مکھن اور انڈوں کو کھانا ہوگا۔ عضلات کی مضبوطی کے لئے، ہمیں ورزش کرنا پڑے گا تاکہ وہ پھرتیلے رہیں۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:09 PM



**حیرت انگیز حقیقت:**

مسکرانے پر 17 عضلات حرکت میں آتے ہیں جب کہ غصہ کے دوران 43 حرکت کرتے ہیں۔

لہذا مسکرایئے اور توانائی بچت کیجئے۔

## آیئے ہم اپنا خیال رکھیں



اپنے ان اعضاء کا خیال رکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| دماغ | - | آٹھ گھنٹے سوئیں۔ |
| دل | - | زیادہ چربی والی غذا کو نہ کھائیں۔ |
| معدہ | - | وقت پر مقوی غذا کھائیں۔ |
| گردہ | - | زیادہ پانی پئیں۔ |
| ہڈی اور عضلات | - | روزانہ ورزش کریں |

انسانی جسم میں 600 سے زیادہ عضلات ہیں۔
سب سے لمبی ہڈی، ران کی ہڈی ہے۔
سب سے چھوٹی ہڈی کان میں موجود رسیبی ہڈی ہے
سب سے لمبے عضلات ران میں موجود ہیں۔

## آیئے کر کے دیکھیں

**عضلات کی کارروائی : عضلات کس طرح ہمارے دماغ کو اطلاعات پہنچاتے ہیں؟**

ہمیں درکار اشیاء: 2 بڑے پلاسٹک کپ، چاول یا سیم کی بڑی مقدار

کارروائی: ❖ اپنے ساتھی کی آنکھوں کو پٹی باندھ دیں۔

- ❖ اپنے ساتھی کے پاس دونوں کپ کو الگ الگ ہاتھوں سے پکڑنے کو کہیں۔
- ❖ دونوں کپ واپس لے لیں اور ایک کپ میں تھوڑی سی مقدار کی سیم یا چاول سے بھر دیں۔
- ❖ دونوں کپ کو پھر سے ساتھی کے حوالے کریں اور پوچھیں کہ کیا وزنی ہے۔
- ❖ اگر آپ کا ساتھی کہے کہ ایک وزنی ہے تو اس سے پوچھیں کہ کون سا؟
- ❖ یہاں ہم سمجھ جاتے ہیں کہ عضلات کے ذریعے محسوس ہوئی وزن میں فرق پیغام (message) کے طور پر دماغ کو پہنچائی گئی۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:10 PM

# II۔ دانت

## 1۔ دانت اور اس کی قسمیں:

دانت ہمارے جسم کا بہت ہی سخت حصہ ہیں۔ یہ غذا کو کترنے اور چبانے میں مدد دیتے ہیں۔
دانت ہمارے منہ کے اندر موجود ہیں۔

ہماری دورانِ زندگی میں دانتوں کے 2 سیٹ بڑھوتری پاتے ہیں۔

**1۔ دودھ کے دانت**

پہلے دانت کے سیٹ، 6 ماہ کی عمر سے آنے لگتے ہیں۔ یہ دودھ کے دانت کہلاتے ہیں اور ان کی تعداد 20 ہوتی ہے۔ 6 یا 7 برس کی عمر میں دودھ کے دانت جھڑ جانے کے بعد دوسرے دانت نکل آتے ہیں۔

**2۔ مستقل دانت Permanent teeth:** دانتوں کے دوسرے سیٹ کو مستقل دانت کہتے ہیں دانتوں کی چار قسمیں ہیں۔ چیرنے پھاڑنے والے دانت (incisors)، نوکیلے دانت (canines) پیش ڈاڑھ (Premolars) اور ڈاڑھ (Molar)۔ اگر مستقل دانت گر جاتے ہیں تو ہمیں پھر سے دوبارہ دانت نہیں نکلیں گے۔ اس لئے ہمیں دانتوں کی دیکھ بھال کرنی چاہئے۔ مستقل دانتوں کی تعداد 32 ہوتی ہے۔

## 2۔ دانتوں کی دیکھ بھال کی اہمیت:

جیسا کہ ہم نے جانا کہ ہمارے دانتوں اور منہ کی پاکی صفائی نہایت ضروری ہے۔
اگر تم منہ اور دانتوں کی پرواہ نہیں کرو گے تو تمہیں کھانے اور بات کرنے میں مسئلہ پیش آئے گا۔

## 3۔ منہ کی دیکھ بھال

ہمارے دانت اور منہ کی دیکھ بھال اور پاکی صفائی نہایت ضروری ہے۔ دانتوں کو برش کرنا، صحت مند غذاؤں کا استعمال اور مسلسل دانتوں کا چیک اپ ہمیں صحت مند بنائے رکھتے ہیں۔ ہمیں دانتوں کو دن میں دو مرتبہ برش کرنا چاہئے۔

## 4۔ منہ اور دانت کی حفاظت کے لئے غذائیں:

- کثرت سے پھل، ترکاریاں اور دودھ کی اشیاء استعمال کریں۔
- شکر کے شربتوں کے بدلے پانی یا دودھ پئیں۔
- شکر کی چیزیں، کیک اور آئس کریم کا کم سے کم استعمال کریں۔





4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:11 PM

## 5۔ منہ اور دانتوں کی دیکھ بھال:

- دانتوں کے برش ہر 3 ماہ میں ایک مرتبہ تبدیل کریں۔
- چپکنے والی غذا سے پرہیز کریں۔
- دن میں دو مرتبہ برش کریں (فجر اٹھنے کے بعد اور سونے سے پہلے)
- کھانا کھانے کے بعد ہر بار اپنے منہ کو پانی سے غرغرہ کریں۔

## 6۔ نیم کی مسواک:

محققین مانتے ہیں کہ ہندوستانی دیہاتیوں کے صحت مند دانتوں اور روشن مسکراہٹ کا راز نیم کے مسواک کا استعمال ہے۔ ہندوستانی روایتی طور پر اپنے مسوڑھوں اور دانتوں کو صحت مند بنائے رکھنے کے لئے نیم کی ڈالیوں کو چباتے ہیں۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے:

تمہارے دانتوں کے لئے مفید غذا پر (✓) نشان اور مضر غذا پر (✗) نشان لگائیے۔

4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:12 PM

## III۔ اچھی نیت سے چھونا، بری نیت سے چھونا اور چھونا مت

**جواب دینے کی کوشش کیجئے:** کیا یہ اچھی نیت سے چھونا ہے یا بری نیت سے چھونا کیوں؟

B

A

'' اچھی نیت سے چھونا '' اور بری نیت سے چھونا'' جیسے لفظ عام طور پر کون سا چھونا صحیح اور کون سا نامناسب چھونے کی وضاحت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ہمیں اس بات کو سمجھاتا ہے کہ کب کسی محفوظ شخص (Self Person) سے بری نیت سے چھوئے جانے کے بارے میں بات کرے اور ان سے مدد طلب کرے۔ ''اچھی نیت سے چھونا'' وہ چھونا ہے جو ہمارا خیال کر کے یا ہمیں محفوظ پن کا احساس دلائے۔ '' بری نیت سے چھونا '' وہ چھونا ہے جسے ہم نہیں چاہتے یا جس سے ہم خوف محسوس کریں۔ آیئے جانکاری حاصل کریں کہ کس طرح اپنے آپ کو محفوظ کیا جا سکتا ہے۔



اچھی نیت سے چھوئے جانے سے متعلق کارروائیاں:

- والدین کا لپٹنا اور چومنا۔
- باپ کا آپ کے سر کو تھپکنا۔
- خاندانی افراد کے ذریعے دوستانہ بغل گیری۔
- ہاتھوں کو ہلانا۔

بری نیت سے چھوئے جانے سے متعلق کارروائیاں:

- ڈھوپروں اور دیگر مخصوص حصوں کو چھونا۔
- مارنا، تھپڑ مارنا، تھوکنا، ڈھکیلنا یا مکا مارنا اور چومنا وغیرہ۔
- وہ کارروائیاں جس سے خوف یا گھبراہٹ یا شرم محسوس ہو۔
- گندی باتیں اور گندی تصویریں۔

میرا جسم میرا اپنا ہے۔ میں کبھی بھی دوسروں کو غلط استعمال کرنے نہیں دوں گا/دوں گی۔

کبھی بھی چیخ کر یہ کہنے سے مت ڈریں کہ '' مجھے مت چھوؤ ''۔

یہ آپ کی غلطی نہیں ہے۔

4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:12 PM

## اگر کوئی غیر چھونے کی کوشش کرے تو تمہیں چاہئے

اپنے بڑوں (والدین، استاد) سے اس بات کو کہیں۔

اس جگہ سے فوراً چلے جائیں۔

بلند آواز سے ''مجھے مت چھوو'' کہیں۔

طلباء اور طالبات کو یہ بتائیں کہ مجرم مندرجہ ذیل ''گندے دھوکے'' کی تدبیر کو استعمال کر رہا ہے۔

- آپ کی ماں کو اسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے۔ میں تم کو وہاں پہنچانے کے لئے آیا ہوں۔
- کیا تم مجھے اس پتہ تک پہنچنے میں میری رہنمائی کرو گے؟
- لالچی انداز سے تمہیں تحفے یا پیسے دینا۔
- تمہارے خیال کو منتشر کر کے چاکلیٹ یا غذا دینے کے وعدے کرنا۔
- ''ڈاکٹر گیم'' اور ''آنکھ مچولی'' گیم کھیلنے بلانا اور اسی بہانے تمہیں چھونے کی کوشش کرنا۔
- آپ پر بڑی مہربانی ظاہر کرنا۔

## حفاظتی تدابیر جو ہر ایک طالب علم/ طالبہ کو جاننا ضروری ہے۔

- آپ اپنے والدین سے سب کچھ بتا دیں خاص کر اپنی ماں سے۔
- کسی اجنبی کو اپنا پتہ اور فون نمبر نہ بتلائیں۔
- بڑوں کی موجودگی کے بغیر فون کال کا جواب نہ دیں یا گھر کا دروازہ مت کھولیں۔
- کسی بھی اجنبی سے کوئی بھی چیز لے کر مت کھائیں۔
- ایمرجنسی فون نمبر اپنے ساتھ رکھیں۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:14 PM



## استاد/ والدین کے لئے

جنسی برتاؤ سے کیسے باز رکھیں اور جنسی برتاؤ کی علامتیں کیا ہیں؟

- بچوں کے رویہ کی نگرانی کریں۔
- اداس رہنا، اور اپنے ساتھیوں سے دور رہنا۔
- مخصوص فرد سے دوری، حد سے زیادہ لگاؤ، پڑھائی سے انکار اور غالبانہ رویہ۔
- خود کو تباہ کرنے کا رویہ۔
- انٹرنیٹ ناموافق اثرات پیدا کرسکتا ہے۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے:

تصویروں کو دیکھ کر لکھئے کہ چھونا ''اچھی نیت'' سے ہو رہا ہے یا ''بری نیت'' سے۔

4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:15 PM

## محاسبہ

### I۔ غیر موزوں کو الگ کیجئے:

1۔ دل، پاؤں، دماغ، گردہ

2۔ آنکھیں، کان، انگلیاں، پھیپھڑا۔

3۔ اگلا دماغ، وسطی دماغ، پچھلا دماغ، اعصاب

### II۔ نقشے کو قوسین میں دئے گئے لفظوں سے مکمل کیجئے:

(منہ کو چومنا، نانا نانی کی محبت ، ڈھوپروں پر مارنا ، والد کا سر کو تھپکنا ، والدین کا پیار اور چومنا ، بے ڈھنگی تصویروں کو دکھانا)




### III۔ مندرجۂ ذیل اشاروں سے جواب کو ڈھونڈ کر لفظوں پر دائرہ بنائیے۔

(پہلے والا آپ کے لئے کیا گیا ہے)

(i) ایک اندرونی عضو۔

(ii) عضو جو سانس لینے میں مدد دیتا ہے۔

(iii) ہمارے جسم سے فضلات کو نکالنے والا عضو۔

(iv) غلط انداز سے چھونا۔

(v) روزانہ ہمیں زیادہ سے زیادہ پینا چاہئے _____۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غ | س | ع | ذ | ت | ل | پ | پ |
| س | ر | غ | ر | ث | م | ھ | ا |
| ص | ظ | م | ز | ج | ن | ے | ن |
| ض | ط | ل | د | ح | و | پ | ی |
| ق | ے | د | ر | گ | ھ | ڑ | ف |
| ت | ی | ن | ی | ر | ب | ا | ق |
| ت | ل | ل | س | خ | د | گ | ک |

### IV۔ صحیح یا غلط بتائیے۔

1۔ سر، ہاتھ اور پاؤں اندرونی اعضاء ہیں۔

2۔ دل عضلات سے بنا ہوا ہے۔

3۔ عضلات نرم حصے ہیں جو ہڈیوں کو ڈھانپے رکھتے ہیں۔

4۔ دن میں ایک مرتبہ دانتوں کو برش کرنا چاہئے

5۔ آپ کے سر میں آپ کے والد کا تھپکنا اچھی نیت سے چھونا ہے۔



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:15 PM

## V۔ صحیح جواب چن کر لکھئے:

1۔ ہمارے جسم کو حکم دینے کا مرکز

(a) دل (b) پھیپھڑا (c) گردہ (d) دماغ

2۔ غذا ..... میں توانائی میں تبدیل ہوتی ہے۔

(a) گردن (b) دل (c) معدہ (d) ناک

3۔ روزانہ ہمارے دانتوں کو .....مرتبہ برش کرنا چاہئے۔

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

4۔ اچھی نیت سے چھونا ایک بے داغ اور .....انداز کا چھونا ہے

(a) غیر درست (b) برا (c) غیر محفوظ (d) درست

5۔ روزانہ زیادہ سے زیادہ .....پئیں۔

(a) تیل (b) پانی (c) شربت (d) نمک کا پانی

## VI۔ مندرجہ ذیل کے سوالوں کو ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1۔ اندرونی اعضاء کے نام لکھئے؟

2۔ دماغ کے افعال کیا ہیں؟

3۔ صحت مند دانت اور منہ کیلئے غذائی اشیاء کی فہرست بنائیے؟

4۔ اپنے دل اور گردہ کی حفاظت تم کس طرح کروگے؟

5۔ جب تمہیں کوئی چھوئے اور تمہیں بے چینی محسوس ہو، اس وقت تم کیا کروگے؟

## VII۔ سوچئے اور جواب دیجئے۔

1۔ کوئی نامعلوم شخص تمہیں پریشان کررہا ہے، تمہارا رویہ کیسے رہے گا؟ اپنے جواب کو آپ خود اپنے انداز سے لکھئے؟

2۔ کون سا عضو سوچنے، بات کرنے اور سیکھنے پر قابو رکھتا ہے؟ اس کے کوئی تین اہم حصے لکھئے؟

## VIII۔ پروجکٹ Project

1۔ مقامی دستیاب شدہ اشیاء کی مدد سے پھیپھڑے کا ایک نمونہ (Model) بنائیے؟

2۔ اندرونی اعضاء کی تصویروں کو رکھ کر ایک البم بنائیے؟



4th science unit 1 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:06:16 PM

اکائی 2

# مادّہ اور اشیاء

## Matter and Materials

**سیکھنے کے مقاصد:**

اس سبق کے سیکھنے کے بعد طلباء وطالبات یہ جان چکے ہوں گے۔

- خصوصیات کی بنیاد پر اشیاء کی درجہ بندی۔
- اشیاء سے تعلق سادہ تحقیقات کا اہتمام کرنا۔
- روزمرہ زندگی میں مادہ اور اشیاء کی اہمیت کو سمجھنا۔
- شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف اشیاء میں فرق۔

K3SUD

## I۔ اشیاء (Materials)

کائنات میں موجود ہر چیز مادّہ سے بنی ہوئی ہے۔ ہماری دنیا پر احساس لانے کے لئے ہمیں کئی مختلف اشیاء کا کھوج لگانا ہوگا۔

مادّہ جس سے کوئی چیز بنی ہوئی ہو، ساز وسامان (Material) کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر کرسی لکڑی سے بنی ہوئی ہے۔ ربڑ سے لکھائی مٹانے کا آلہ (Eraser) بنا ہوا ہے۔ موم سے موم بتی بنی ہوئی ہے۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے :

تصویروں کو دیکھئے کہ اور شناخت کیجئے کہ یہ اشیاء کن سے بنے ہوئے ہیں۔

(کاغذ، چکنی مٹی، شیشہ، پلاسٹک، دھات، ربڑ، موم)

4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:17:59 PM

## جواب دینے کی کوشش کیجئے:

اسی شئے سے جوڑ لگائیے، جس سے یہ بنے ہوئے ہیں۔

| A | B | C |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

## II۔ اشیاء کی خصوصیات

ہم اشیاء کو ناپ سکتے، دیکھ سکتے یا محسوس کر سکتے ہیں۔ مختلف قسم کی اشیاء کی مختلف قسم کے خصوصیات ہوتے ہیں جن کو کئی مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ کئی اشیاء کی ایک سے زیادہ خصوصیات ہوتے ہیں۔ یہ سخت یا نرم، چمک دار یا غیر چمک دار، ہموار یا کھردری اور لچکدار یا سخت ہوتے ہیں۔

### 1۔ سخت اور نرم اشیاء (hard and Soft)

وہ اشیاء جس کو آسانی سے دبا، کاٹا، مروڑا یا کھروچا نہیں جا سکتا سخت اشیاء کہلاتی ہیں۔ مثال : اینٹ، ہڈی اور فولاد (Steel)

وہ اشیاء جس کو آسانی سے دبا، کاٹا، مروڑا یا کھروچا جا سکتا ہے، نرم اشیاء کہلاتی ہیں۔ مثال : کف، چکنی مٹی اور جِلد

## جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

مندرجۂ ذیل میں کون سا سخت یا نرم ساز و سامان ہے

| لکڑی | مٹانی / ربڑ | روئی |
|---|---|---|
| | | |



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:00 PM

## 2۔ چمکدار اور غیر چمک دار اشیاء

وہ اشیاء جو روشنی کا انعکاس کرتی ہیں، چمک دار اشیاء کہلاتی ہیں۔

مثال: بے داغ فولاد، سونا اور ہیرا

وہ اشیاء جو روشنی کا انعکاس نہیں کرتے وہ غیر چمک دار اشیاء کہلاتی ہیں۔

مثال: موم بتی، کاغذ اور پٹ سن کی تھیلی

**جواب دینے کی کوشش کیجئے۔**

اپنے گھر میں موجود اشیاء کو جمع کیجئے اور ان میں چمک دار اور غیر چمک دار اشیاء کو الگ کیجئے۔

## 3۔ کھردری اور ہموار اشیاء

وہ اشیاء جن کی سطح میں اتار، چڑھاؤ ہوتا ہے، کھردری اشیاء کہلاتے ہیں۔

مثال: اینٹ، چٹان اور ٹائر۔

وہ اشیاء جن کی سطح میں اتار چڑھاؤ نہیں ہوتا وہ ہموار اشیاء کہلاتے ہیں۔

مثال: آئینہ، ریشم کا کپڑا اور کھپریل۔

**جواب دیجئے:**

ذیل کی اشیاء میں کون سی شئے کھردری ہے اور کونسی ہموار ہے، علاحدہ کیجئے۔

| گیلا صابن | نار | پر | پتھر |
|---|---|---|---|
| | | | |

| شیشہ کی گیند | کاغذ کا بورڈ | نمک کا غذ | پلاسٹک چمچہ |
|---|---|---|---|
| | | | |

## 4۔ لچک دار اور سخت اشیاء:

وہ اشیاء جس کو آسانی سے مروڑا یا کھینچا جا سکتا ہے۔ لچک دار اشیاء کہلاتے ہیں۔

مثال ربڑ بینڈ، بجلی کی تار اور سائیکل کا ٹیوب

وہ اشیاء جن کو آسانی سے مروڑا یا کھینچا جا سکتا ہے سخت اشیاء کہلاتی ہیں۔

مثال: بید، لکڑی کا اسکیل اور پتھر

**کارروائی:** لچک پن کی جانچ

طلباء/طالبات کے پاس ایک پلاسٹک اور لکڑی کے اسکیل کو دیں۔ ان سے اس کو مروڑنے کو کہیں۔ ان کے مشاہدے کی جدول بندی کریں (مڑتا ہے/نہیں مڑتا ہے)

| پلاسٹک کی اسکیل | لکڑی کی اسکیل |
|---|---|
| | |



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:00 PM

## 5۔ پانی روک اشیاء (Water Proof Materials)

وہ اشیاء جو اپنے اندر پانی کو داخل نہیں کرتے پانی روک اشیاء کہلاتی ہیں۔

مثال: بارش کا کوٹ اور دوائیں ماتروں کے المونیم فائل

**سوچئے اور جواب دیجئے۔**

کیا تمہارے پاس بارش کا کوٹ (raincoat) ہے۔
اس کو کس لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

### کارروائی:

بڑے شیشے کا ایک برتن لیں۔ اس کا تین چوتھائی حصہ پانی سے بھر دیں۔ اس میں ایک نارنگی کو چھلکے کے ساتھ اور دوسری نارنگی کو چھلکے نکال کر برتن میں ڈالیں۔ مشاہدہ کیجئے کہ کون سی نارنگی تیرتی ہے؟ کیوں؟

## III۔ شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف شئے

کیا آپ نے کبھی بس کی کھڑکی سے دیکھا ہے؟

SR8XN

چند چیزیں اپنے اندر روشنی کو داخل کرتی ہیں۔ اس سے ہمیں ان کے ذریعے مدد ملتی ہے جیسا کہ بس کی کھڑکی۔
آیئے دیکھیں کہ مختلف شئے کا روشنی کے ساتھ رویہ کیا ہے؟

### 1۔ شفاف شئے

شفاف شئے اپنے اندر روشنی کو داخل کرتی ہے۔ لہذا ہم دوسری شئے کو صاف طور پر شفاف شئے کی مانند دیکھ سکتے ہیں۔

مثال: ہوا، شیشہ اور خالص پانی۔




### 2۔ نیم شفاف شئے

نیم شفاف شئے اپنے اندر تھوڑی روشنی کو گذارتی ہے۔ لہذا ہم شئے کو صاف طور پر نہیں دیکھ سکتے، مگر اس شئے کا دھندلا خیال ہمیں نظر آتا ہے۔




مثال: تیل، برف اور نباتی تیل، تیل میں بھگویا ہوا کاغذ



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:02 PM

## 3۔ غیر شفاف شئے:

غیر شفاف شئے اپنے اندر روشنی کو داخل ہونے نہیں دیتی۔
لہذا ان اشیاء کے ذریعے ہم نہیں دیکھ سکتے۔




### سوچئے اور جواب دیجئے

ہم کیوں گھر کی تعمیر میں شیشہ (شفاف شئے) کی بجائے اینٹ (غیر شفاف شئے) استعمال کرتے ہیں؟

### کارروائی:

ورک شیٹ بھرتی کیجئے۔

نام : کلاس :

تاریخ : اکائی : 2۔ مادّہ اور اشیاء

اپنے الفاظ سے جملوں کو مکمل کیجئے۔

1۔ شفاف شئے اپنے اندر _____

2۔ نیم شفاف شئے اپنے اندر _____

3۔ غیر شفاف شئے اپنے اندر _____

### جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

کون سی شئے شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف ہے۔ لکھئے؟

_____ _____ _____



_____ _____ _____



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:03 PM

## IV۔ روشنی کا انعکاس:

ہم اپنے اطراف کی دنیا کو روشنی کی مدد سے دیکھتے ہیں۔ روشنی کو ہم کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ روشنی سورج کے ذریعے سے آتی ہے یا دوسرے ذرائع جیسے برقی بلب۔ وہ شئے جو روشنی فراہم کرتی ہیں روشنی کے ذرائع کہلاتے ہیں۔

جب روشنی کسی شفاف شئے پر پڑتی ہے تو وہ اس سے گزر جاتی ہے۔ تاہم جب روشنی کسی نفیس یا چمک دار غیر شفاف شئے کی سطح پر پڑتی ہے تو وہ اس سے نہیں گزرتی، بلکہ وہ دوبارہ واپس ہوتی ہے۔ کسی نفیس یا چمک دار شئے کی سطح سے روشنی کا واپس ہونا انعکاس کہلاتا ہے۔

جب تم آئینہ دیکھتے ہو تو، اس میں اپنا چہرہ دکھائی دیتا ہے۔ جو کچھ اس میں دکھائی دیتا ہے، وہ تمہارے چہرے کا انعکاس ہے۔ ہم آئینہ میں دوسری اشیاء کا عکس بھی دیکھتے ہیں۔ آئینہ میں روشنی کے انعکاس کی وجہ سے بننے والا عکس خیال کہلاتا ہے۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے:

تم بعض اشیاء میں اپنا عکس دیکھنے کی کوشش کیجئے۔ مثال کے طور پر آئینہ، امتحان لکھنے کا پیڈ، کھانے کی نئی تھالی، میز کی سطح اور تھالی میں موجود پانی۔ تم کونسی اشیاء میں اپنا خیال واضح دکھائی دیتا ہے۔ کیا تم جانتے ہو ایسا کیوں ہے؟

### کارروائی



**روشنی کا انعکاس**

**درکار اشیاء:** ایک مستوی آئینہ اور ایک ٹارچ لائٹ۔

**کیسے کریں؟**

1۔ اپنے کمرے کی کھڑکی اور دروازہ بند کر کے اندھیرا کرلیں۔

2۔ اپنے دوست/سہیلی کو آئینہ ہاتھ میں دے کر کمرے کے کسی کونے میں کھڑے رہنے کو کہیں۔

3۔ تم اپنے ہاتھ میں ٹارچ کو لے کر دوسرے کونہ میں کھڑے ہو جائیں۔

4۔ ٹارچ کے سوئچ کو آن کریں۔

5۔ ٹارچ کی روشنی کو آئینہ پر پڑنے دیں۔

(a) جب تم آئینہ کا زاویہ بدلتے ہو تو روشنی پر کیا اثر واقع ہوتا ہے؟

(b) کیا تم نے آئینہ استعمال کر کے انعکاس شدہ روشنی کو نشانہ بنایا؟



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:04 PM

**مزید جانکاری کے لئے :**

آئینہ صوتی لہروں کا انعکاس بھی کرتی ہیں۔لہذا انہیں دوسری عالمی جنگ کے دوران دشمن کے ہوائی جہازوں سے آنے والے آوازوں کا پتہ لگانے کے لئے استعمال کیا گیا۔

## محاسبہ

### I۔ نامناسب کو معلوم کیجئے۔

1۔ اینٹ، تار، ریشم کا کپڑا، انتاس

2۔ پتھر، ربڑ بینڈ، سائیکل ٹیوب، بجلی کی تار

3۔ سورج، موم بتی، ٹارچ، پن

4۔ چھتری، اسفنج، بارش کا کوٹ، جرکین

5۔ شیشہ کی بوتل، امتحان پیڈ، کاغذ کی رکابی، لکڑی کا بورڈ

### II۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے:

1۔ اشیاء جن کو آسانی سے دبا اور کاٹا جا سکتا ہے ..... کہلاتا ہے۔

2۔ سونا اور ہیرا ..... اشیاء کی مثالیں ہیں۔

3۔ اشیاء جن کو آسانی سے مروڑا یا کھینچا جا سکتا ہے ..... کہلاتا ہے۔

4۔ ..... شئے اپنے اندر تمام روشنی کو گذار دیتی ہیں۔

5۔ ..... ایک قدرتی ذریعہ ہے جو بینائی کو محرک کرتا اور اشیاء کو دیکھنے میں مدد کرتا ہے۔

### III۔ جوڑ لگایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | روشنی کا ذریعہ | - شیشہ |
| 2۔ | پانی روک | - نباتاتی تیل |
| 3۔ | شفاف | - سورج |
| 4۔ | نیم شفاف | - دھات |
| 5۔ | غیر شفاف | - بارش کا کوٹ |

### IV۔ صحیح ہے یا غلط بتایئے۔

1۔ سخت اشیاء آسانی سے دابے، کاٹے اور مروڑے نہیں سکتے۔

2۔ غیر چمک دار ساز و سامان روشنی کا انعکاس کرتے ہیں۔

3۔ نرم ساز و سامان کی بہترین مثال نمک کا کاغذ ہے۔

4۔ غیر شفاف شئے اپنے اندر روشنی کو داخل ہونے نہیں دیتی ہیں۔

5۔ آئینہ اپنے اوپر پڑنے والے روشنی کے رخ کو تبدیل کرتا ہے۔



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:04 PM

## V۔ مندرجہ ذیل کے جواب دیجئے:

1۔ کسی چیز کو پانی روک اشیاء تم کب کہو گے؟

2۔ روشنی کا ذریعہ کیا ہے؟

3۔ شفاف اور غیر شفاف اشیاء کے درمیان فرق لکھو؟

4۔ انعکاس سے کیا مراد ہے؟

5۔ مندرجۂ ذیل اشیاء میں شفاف، نیم شفاف اور غیر شفاف کی درجہ بندی کرو۔

(ہوا ، چٹان ، پانی ، المونیم فائل ،آئینہ ، برف ، لکڑی کا بورڈ ، پالی تھین تھیلی ، CD، تیل میں بھگویا ہوا کاغذ ، شیشے کی پیالی اور رنگین پیالی)

| شفاف اشیاء | نیم شفاف اشیاء | غیر شفاف اشیاء |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## VI پروجکٹ

اپنے اطراف واکناف میں موجود کھردری اور ہموار اشیاء کو جمع کرو۔



4th science unit 2 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:18:05 PM

اکائی 3



# کام اور توانائی

## Work and Energy

**سیکھنے کے مقاصد:**

اس سبق کے اختتام پر طلبہ وطالبات یہ جانکاری حاصل کر چکے ہوں گے

- کام کی تعریف۔
- کام اور توانائی کو سمجھنا۔
- سادہ مشینوں کو معلوم کرنا۔
- مشین کے قسموں کی درجہ بندی۔
- بیرم کی تین قسموں کو جاننا۔

IMKWX

### آیئے اعادہ کریں:

استاد : بچو، پچھلی کلاس میں تم نے قوت کے بارے میں جانکاری حاصل کی تھی۔ قوت کیا ہے؟

طلباء : حالت سکون میں موجود کسی شئے کو دھکا دینا یا کھینچنا ہے یا حرکت کرتی شئے کو ٹھہرانا قوت کہلاتا ہے۔

استاد : قوت کی مختلف قسمیں کیا ہیں؟

طلباء : رگڑ کی قوت، تجاذبی قوت، عضلاتی قوت اور مقناطیسی قوت۔

قوت کسی شئے کی شکل، رفتار اور رخ کو بدلنے کا سبب بنتی ہے۔

## I۔ کام (Work)

وہ عمل جس میں کوئی کسی شئے کو حرکت میں لانے کے لئے قوت استعمال ہوتی ہے، کام کہلاتا ہے۔

مندرجۂ ذیل کی تصویروں سے آپ نے کیا سمجھا؟

ان تصویروں سے ہم نے سمجھا کہ چند کام کو کرنے کے لئے قوت لگانا پڑتا ہے۔



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:13 PM

## سوچو اور بولو:

استاد : کل میں اسکول سے واپس گھر جا رہا تھا۔ میں نے چند لوگوں کو سڑک بچھاتے ہوئے دیکھا۔ میں نے وہاں چند چیزیں دیکھیں۔ کیا تم وہاں کے مقام کے بارے میں کچھ بتا سکتے ہو اور وہاں استعمال ہوئی مشین کے بارے میں بتلا سکتے ہو؟

ہم کب کہہ سکتے ہیں کہ کام انجام پایا یا نہیں؟

کام انجام پانے کے لئے دو اہم شرائط ضروری ہیں۔

- قوت کا کسی شئے پر عمل ہونا ضروری ہے۔
- شئے کا ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹ جانا چاہئے۔

جب کسی شئے پر قوت عمل کر کے اس کو ہٹا دیتی ہے تو کہا جائے گا کہ کام انجام پایا۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے:

تصویر کو دیکھئے، اگر کام واقع ہوا ہو تو (✓) کا نشان لگائیے اور اگر کام واقع نہ ہوا تو (✗) نشان لگائیے۔





## جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

مندرجۂ ذیل کارروائی میں کام انجام پایا ہے یا نہیں لکھئے۔

| شمار نمبر | کارروائی | کام انجام پایا یا نہیں۔ |
|---|---|---|
| 1. | دروازہ کو ڈھکیلنا | |
| 2. | گڑیا کو پکڑنا | |
| 3. | بس میں بیٹھے رہنا | |
| 4. | دیوار کو ڈھکیلنا | |
| 5. | مٹی کھودنا | |



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:19 PM

## II۔ توانائی (Energy)



اوپر کی تصویروں میں

- ایک آدمی سفر کا سامان کھینچ رہا ہے ۔اس کے لئے اسے کچھ توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔
  توانائی کا ذریعہ کیا ہے؟ غذا انسانوں کو توانائی فراہم کرتی ہے۔
- ایندھن کے جلنے سے حاصل شدہ توانائی سے کار چلتی ہے۔
- چلتی سیڑھی (escalator) بجلی کو توانائی کے طور پر استعمال کرتے ہوئے حرکت کرتی ہے۔

توانائی سے مراد کام کرنے کی قابلیت ہے۔
کام انجام پانے کے لئے توانائی کا کسی شئے میں منتقل ہونا ضروری ہے۔






4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:20 PM

## 1۔ قابل تجدید ذرائع (Renewable Resources)

توانائی کے قابل تجدید ذرائع کو لمبے عرصے تک کی مدت تک بحال کیا جا سکتا ہے۔ ہم ان کے ذرائع کو لمبی مدت تک استعمال کر سکتے ہیں۔ انسانی زندگی کی شروعات سے، ان ذرائع کو ہم استعمال کرتے آ رہے ہیں۔ ہم ان ذرائع کو روشنی، آمدورفت، پکانے، گرم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مثال: سورج، ہوا اور پانی

## 2۔ قابل غیر تجدید ذرائع (Non renewable Resources)

وہ ذرائع جن کو آسانی سے بحال نہیں کیا جا سکتا، قابل غیر تجدید توانائی کے ذرائع کہلاتے ہیں۔

مثال : کوئلہ، پٹرول اور قدرتی گیس

### مزید جانکاری کے لئے :

توانائی کی بقا کے کلیہ کے تحت، توانائی نہ تو پیدا کی جا سکتی ہے اور نہ ہی فنا۔
اسے ایک شکل سے دوسرے شکل میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔
توانائی کی SI اکائی جول ہے۔
اس کو جیمس جول نامی سائنس دان کے نام سے منسوب کیا گیا ہے، جس نے توانائی کی وضاحت کی۔

## Simple Machine سادہ مشین III

VMTOZ








اوپر کی تصویروں کو دیکھئے۔
یہ کس لئے استعمال ہوتے ہیں؟



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:22 PM

ہماری روزمرہ زندگی میں چند سادہ مشینوں کی مدد سے ہماری محنت کم صرف کی جاتی ہے۔
ہم کنویں سے پانی کو چرخی اور رسی کی مدد سے کھینچتے ہیں۔

سادہ مشینیں وہ آلات ہیں جس کے استعمال سے کام کو آسان بنایا جاتا ہے۔
سادہ مشینوں کی چند مثالیں: چرخی، پیچر، سطح مائل، پیچ، بیرم، پہیہ اور دھرّا (axle) ہیں۔

## 1 چرخی (Pulley)

تصویر کو دیکھئے۔
کون سا کام آسان ہے؟
وزن کو چرخی کی مدد سے اٹھانا یا
چرخی کی مدد کے بغیر ؟



چرخی ایک پہیہ سے بنی مشین ہے جس کے اطراف ایک گڑھا ہوتا ہے۔ چرخی کے اطراف کے گڑھے سے ایک رسی یا زنجیر گذرتی ہے۔ یہ اپنی جانب تیزی سے گھومتی ہے۔ مثال: کرین (Crane)

## 2۔ سطح مائل (Inclined Plane)

تصویر کو دیکھئے اور تبادلہ خیال کیجئے۔
ڈبے کو ایسے ہی اٹھانا آسان ہے یا
ڈھلوان سطح کے استعمال کے ذریعے؟



سطح مائل ایک چپٹی ڈھلوان سطح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے سے اونچا ہوتا ہے۔
مثال: پہیہ دار کرسی کے لئے ڈھلاؤ، پھسلنی اور ڈھلوان۔



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:23 PM

## 3۔ پچّر (Wedge)

پچّر ایک نکیلے کنارے والا (تیز دھار والا) آلہ ہے جو اشیاء کو چیرنے/ الگ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ لکڑی کے کندوں کو دو ٹکڑے کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : چاقو، قینچی اور کلہاڑی

## 4۔ پیچ (Screw)

پیچ کو وزن اوپر کرنے کے لئے اور ایک دوسرے کے ساتھ اشیاء کو تھامے رکھنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

بوتل کے ڈھکن میں موجود پیچ، بوتل اور ڈھکن کو ایک دوسرے کے ساتھ تھامے رکھتی ہے۔ پیچ کے ذریعے ایک بلیڈ اور تراش آپس میں جڑے رہتے ہیں۔

## 5۔ پہیہ اور دھرّا (Wheel and Axle)

پہیہ اور دھرّے میں ایک پہیہ، چھوٹے سلاخ سے جڑا رہتا ہے جس سے یہ دونوں حصے آپس میں گھومتے ہیں۔

مثال: سائیکل کا پہیہ ، دروازے کا دستہ ، گرائنڈر ، دھرے دار پہیہ

### مزید جانکاری کے لئے:



سادہ مشینیں اکثر چھوٹی قوت کے تبادلہ سے وزنی اشیاء کو ہٹا دیتی ہیں۔ کام تو صحیح ہے مگر قوت یہاں کم صرف ہوتی ہے۔ سادہ مشین کے اصول کو تیسری صدی BC کے قریب یونانی فلسفہ دان ارشیمدس نے عمل میں لایا۔



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:24 PM

## 6۔ بیرم (Lever)

دی گئی شئے پر قوت کو بڑھانے کے لئے بیرم استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال: ہنڈولا (Seesaw)، سپاری توڑنے کا آلہ (سروتہ) (Nut cracker)، اور سنسی (Pliers)



### جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

سادہ مشینوں کی شناخت اور ان کی قسموں کو لکھئے:



### جواب دینے کی کوشش کیجئے:

جدول کو مکمل کیجئے

| شمارہ نمبر | سادہ مشین کی قسمیں | مثال |
|---|---|---|
| 1. | چرخی | |
| 2. | پہیہ اور دھرا | |
| 3. | پچر | |
| 4. | سطح مائل | |
| 5. | بیرم | |
| 6. | پیچ | |



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:27 PM

## IV بیرم کی قسمیں (Types of Lever)

بیرم کی تین قسمیں
پہلے درجے کا بیرم
دوسرے درجے کا بیرم
تیسرے درجے کا بیرم

بیرم کو سمجھنے کے لئے ہم کو مندرجۂ ذیل اصطلاحات کو سمجھنا ہوگا۔

(Load) وزن ایک شئے ہے جس پر قوت ڈالی جاتی ہے۔

(effort) زور وہ قوت ہے جو بیرم پر ڈالی جاتی ہے۔

(Fulcrum) نصاب وہ نقطہ/ مقام ہے جہاں بیرم گھومتا ہے۔

نصاب کے تحت، وزن اور زور کہاں واقع ہیں، اس بنیاد پر بیرم کی تین قسمیں ہیں

### 1۔ پہلے درجے کا بیرم (Class I Lever)

نصاب، اگر زور اور وزن کے درمیان ہو تو یہ پہلے درجے کا بیرم کہلاتا ہے۔

مثال : قینچی، سنسی (Pliers) ، ہنڈولا، سروتہ













### 2۔ دوسرے درجے کا بیرم (Class II Lever)

جب وزن، زور اور نصاب کے درمیان واقع ہو تو یہ دوسرے درجے کا بیرم کہلاتا ہے۔ مثال لیموں کو نچوڑنے کا آلہ، سپاری کو توڑنے کا آلہ (سروتہ)، ایک پہیے والی گاڑی۔















4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:27 PM

## 3۔ تیسرے درجے کا بیرم (Class III Lever)

اس بیرم میں زور، وزن اور نصاب کے درمیان ہوتا ہے۔













### جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

وزن، زور اور نصاب کا نام دیجئے



1. _____
2. _____
3. _____

1. _____
2. _____
3. _____



1. _____
2. _____
3. _____

## محاسبہ

I۔ درست لفظ استعمال کر کے خالی جگہ بھرتی کیجئے:

(ڈھلاؤ ، سادہ مشین ، کام ، توانائی ، چرخی)

1۔ ..... انجام پانے کا مطلب جب کسی شئے پر کوئی قوت عمل کرے۔

2۔ کام کرنے کی قابلیت ..... کہلاتی ہے۔

3۔ ..... ایک مشین ہے جو پہیہ اور رسی سے بنی ہوتی ہے۔

4۔ ..... ہمیں کام میں آسانی پیدا کرتی ہیں۔

5۔ سطح مائل کی ایک مثال .....



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:28 PM

## II۔ حرفوں کو دوبارہ ترتیب دیجئے اور آلوں کے ناموں کو معلوم کیجئے:

چ چ ر پ

ن س س ی

چ پ ے

## III۔ جوڑ لگایئے:

1۔ دوسرے درجے کا بیرم – پانی کو کھینچنا

2۔ چرخی – سائیکل

3۔ پہلے درجے کا بیرم – سپاری توڑنے کا آلہ

4۔ پہیہ اور دُھرا – ہوا

5۔ قابل تجدید ذرائع – ہنڈولا

## IV۔ مندرجۂ ذیل اشیاء کی درجہ بندی کیجئے۔

| شمار نمبر | مثالیں | بیرم کا کونسا درجہ ہے |
|---|---|---|
| 1. | پھاوڑا | |
| 2. | ہنڈولا | |
| 3. | ایک پہیہ والی ہاتھ گاڑی | |
| 4. | سنسی | |
| 5. | ناخن تراش | |

## V۔ مندرجہ ذیل کے جوابات دیجئے:

1۔ توانائی کی اکائی کیا ہے ؟

2۔ چند سادہ مشینوں کے نام لکھئے ؟

3۔ پہلے درجے کا بیرم کیا ہے ؟

4۔ لیموں کو نچوڑنے کا آلہ کس درجے کے بیرم کا ہے ؟ کیوں ؟

5۔ کام کی تعریف کرو۔

6۔ توانائی کی کوئی تین قسمیں لکھئے ؟



4th science unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:29:28 PM

اکائی 4

# روزمرہ زندگی میں سائنس

## Science in Everyday Life

**سیکھنے کے مقاصد:**

اس سبق کے اختتام پر طلباء/طالبات یہ جانکاری حاصل کر چکے ہوں گے۔

- دودھ کی تغذئی قیمت کو جاننا۔
- پکوان کے فائدوں کو جاننا۔
- روٹی، بسکٹ اور کیک کو تنور میں پکانے کے بارے میں سیکھنا۔
- روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے چھوٹے الکٹرانک آلوں کے بارے میں جانکاری کرنا۔

## آیئے اعادہ کریں:

استاد : صبح سویرے اٹھنے کے بعد تم کیا پیتے ہو ؟

طلباء : چائے، کافی اور دودھ

استاد : ٹھیک ہے، اس میں کون سی چیز ہوتی ہے؟

فیضان : دودھ، چائے کی پتی، کافی کا سفوف اور شکر

استاد : بہت خوب، کیا تم جانتے ہو کہ صبح سویرے ہم دودھ کیوں پیتے ہیں؟

فیضان : یہ ہماری صحت کے لئے بہتر ہے۔

استاد : بالکل درست۔ آج کے سبق میں ہم دودھ کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کریں گے۔

## I۔ دودھ (Milk)

اپنے بچوں کو دودھ پلانے کے لئے چند جانور دودھ کو پیدا کرتے ہیں۔ کئی جانوروں سے حاصل کیا جانے والا دودھ انسان استعمال کرتا ہے۔ عام طور پر گائے کا دودھ زیادہ استعمال ہوتا ہے۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:48 PM

## 1 دودھ کے ذرائع

دودھ کو، دودھ پلانے والے جانوروں سے ابتدائی طور پر حاصل کیا جاتا ہے۔ ان کو دوسرے ذرائع سے بھی حاصل کیا جاتا ہے۔ مثالیں: سویا دودھ ، پھلی اور بیجوں سے نکالا ہوا دودھ۔

دودھ میں موجود چربی کی مقدار کی بنیاد پر اس کو تین قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ مکمل دودھ، کم چربی کا دودھ اور بغیر چربی کا دودھ۔

دنیا بھر میں لوگ دودھ کو دودھ پلانے جانور جیسے بھیڑ، بکری، اونٹنی، گدھی، گھوڑی، یاک، پانی کی بھینس، قطبی ہرن اور یہاں تک کہ امریکی بارہ سنگھا سے بھی دودھ حاصل کرتے ہیں۔

## 2۔ دودھ کی غذائی اہمیت:

دودھ میں پانی، شکر، پروٹین، چربی، وٹامن اور معدنیات ہوتے ہیں۔

شکر : دودھ مزہ میں میٹھا ہوتا ہے، کیونکہ اس میں ایک قسم کی شکر موجود ہوتی ہے، جسے لاکٹوس کہتے ہیں۔

پروٹین : یہ عضلات کی تعمیر میں مدد کرتے ہیں۔

چربی : دودھ میں موجود چربی مسکہ کہلاتی ہے۔ دوسرے چربیوں کی بہ نسبت مسکہ مزیدار ہوتا ہے۔

وٹامن : ہڈیوں کی بحالی کے لئے دودھ میں موجود وٹامن D مدد دیتا ہے۔

معدنیات : کیلشیم ایک معدنیات ہے۔ یہ صحت مند ہڈیوں اور دانت کی تعمیر میں مدد دیتا ہے۔



100
95
75
25
5
0

4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:49 PM

- چھوٹے بچوں کو غذا کے طور پر
- دہی، مسکہ، چھاچھ اور گھی اس سے حاصل ہوتا ہے۔
- بڑے اور بیمار لوگوں کے لئے صحت بخش پینے کی چیز کے طور پر
- چیس، پنیر اور دودھ کی مٹھائیاں بنانے میں
- آئس کریم اور چاکلیٹ بنانے میں
- عید اور رسم ورواج کے دوران

## 3۔ دودھ کے صحت بخش فائدے:

1۔ یہ ہڈیوں اور دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔
2۔ یہ خون کے دباؤ کو بحال کرتا ہے۔
3۔ یہ دل کی بیماریوں کو کم کرتا ہے۔
4۔ یہ توانائی کا ایک ذریعہ ہے۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

1۔ دودھ میں ..... کثیر مقدار میں ہوتا ہے۔ (کیلشیم/لوہا)

2۔ دودھ میں ..... ، ..... اور ..... ہوتا ہے۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:51 PM

## II۔ غذائی اشیاء (Food Materials)

غذا کیا ہے؟ غذا ہماری زندگی کی بنیادی ضرورت کی چیز ہے۔ غذا ہمیں توانائی فراہم کرتی ہے۔ ان کو عام طور پر پودوں یا جانوروں کو پکا کر بنایا جاتا ہے۔ ان میں ضروری تغذیے ہوتے ہیں جو ہمارے جسم کو صحت مند رکھتے ہیں۔

**غذا کی ضرورت**

- توانائی فراہم کرتی ہے۔
- نشوونما میں مدد دیتی ہے۔
- مامونیت بڑھاتی ہے۔
- ہمارے جسم کی مرمت میں مدد کرتی ہے۔

غذا کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

1۔ **کچّی غذا:** کچی غذا وہ غذا ہے جس کو کھانے کے لئے پکانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

مثالیں: پھل، گاجر، مونگ پھلی کے بیج

2۔ **پکائی ہوئی غذا** : پکائی ہوئی غذا وہ غذا ہے جس کو کھانے کے لئے پکانے کی ضرورت پڑتی ہے۔

مثالیں: چاول، روٹی، ترکاریوں کا سالن

**آیئے کر کے دیکھیں**

آپ خود چھوٹے موٹے کام جیسے کٹورے میں مائع ڈالنا، چیلا یا آملیٹ میں کالی مرچ چھڑکنا، پیاز چھلنا، دھنیا کو سفوف بنانے کا کام کر سکتے ہو۔ باورچی خانہ میں ہمیشہ اپنے بڑوں کی مدد کرنی چاہئے۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:52 PM

# 1 پکانے

1۔ کیا تم جانتے ہو کہ غذائی اشیاء کی کتنی قسمیں ہیں جن کو آپ پکائے بغیر نہیں کھا سکتے؟ پکانا نہایت ضروری ہے۔ یہ غذا کو کھانے کے لئے موزوں بناتا ہے۔

## پکانے کے طریقے:

تلنا

بھاپ دینا

ابالنا

گرل میں بھوننا

بھوننا

گہرا تلنا

## پکانے کے فائدے:

پکانے سے غذا میں کئی فائدہ مند تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔

1۔ یہ ہاضمہ کے لئے تغذیوں کو تیار کرتا ہے۔

2۔ یہ غذا کو مناسب بناوٹ، خوشبو، ذائقہ اور مزہ پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے۔

3۔ یہ مضر جراثیم کو ختم کر دیتا ہے۔

## جواب دیجئے:

1۔ ..... ، ..... کچی غذا کی مثالیں ہیں۔

2۔ ..... ، ..... پکائی ہوئی غذا کی مثالیں ہیں۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:54 PM

## آیئے تبادلہ خیال کریں:

تصویر میں موجود اشیاء کو دیکھئے اور ان کے استعمالات پر اپنے دوستوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیجئے۔

## III۔ نان، بسکٹ اور کیک کو تنور میں سینکنا

تنور میں سینکنا پکانے کا ایک طریقہ ہے۔ سینکنے کے لئے ہم خشک گرمی (dry heat) کو استعمال کرتے ہیں۔ نان، بسکٹ اور کیک سینکنے جانے والی غذائی اشیاء کی مثالیں ہیں۔

### I۔ نان (Bread)

نان ایک عام غذائی شئے میں سے ہے جو گوندھے ہوئے آٹے کو سینک کر تیار کی جاتی ہے۔ یہ مریضوں کے لئے توانائی کا اہم ذریعہ ہے۔ یہ انسانوں کے ذریعے تیار کردہ قدیم غذائی شئے ہے۔ نان میں چربی کم ہوتی ہے۔

عام نشوونما اور اچھی صحت کے لئے ضروری غذائی اجزاء نان میں موجود ہیں۔

نان بنانے کے لئے ہمیں گیہوں کا آٹا، خمیر، پانی، شکر اور نمک کی ضرورت پڑتی ہے۔

نان کو یونہی باہر رکھنے کی بجائے سرد آلہ (فرڈج) میں رکھنے سے چھ گنا تیزی سے خراب ہوتی ہے۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:55 PM

## 2۔ بسکٹ (Biscuit)

بسکٹ ایک چھوٹی، آٹے کو سینک کر بنائی گئی غذا ہے۔ یہ عام طور پر گیہوں کے آٹے یا جو اور مٹھاس کے لئے شکر ملا کر بنائی جاتی ہے۔

بسکٹ کے اہم اجزاء آٹا، شکر، مسکہ، پانی، دودھ، بیکنگ پاؤڈر اور خوشبو پیدا کرنے والی اشیاء وغیرہ ہیں۔

بسکٹ نمکین ہوتے ہیں یا میٹھے۔ چند بسکٹوں کے درمیان کریم رکھ دیا جاتا ہے۔




بسکٹ میں بیکنگ پاؤڈر کو استعمال کر کے اسے نرم کیا جاتا ہے۔

## 3۔ کیک (Cake)

کیک ایک سینکی ہوئی کھائے جانے والی چیز ہے۔ یہ میٹھے نان کی طرح ہوتی ہے۔ کئی اشیاء کو ملا کر کیک کی کئی اقسام بنائی جاتی ہیں۔ ہم کیک کو تقریبات میں استعمال کرتے ہیں۔ کیک کے عام اجزاء آٹا، شکر، انڈے، تیل، بیکنگ پاؤڈر اور خوشبو پیدا کرنے والے عناصر وغیرہ ہیں۔

### جواب دینے کی کوشش کیجئے:

1۔ نان ایک ..... (کم/زیادہ) چربی والی غذا ہے۔

2۔ بسکٹ اس سے تیار ہوتا ہے ..... (گیہوں کا آٹا/چاول کا آٹا)

3۔ ..... کو جنم دن کی تقریب میں استعمال کیا جاتا ہے (کیک/ بسکٹ)

### کارروائی:

اپنے قریبی بیکری کا دورہ کیجئے اور نان، بسکٹ اور کیک کی تیاری کے بارے میں جانکاری حاصل کیجئے



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:55 PM

## IV۔ ضروری الکٹرانک آلے (Gadgets)

روزانہ استعمال کرنے والے الکٹرانک آلوں کے بارے میں غور کیجئے۔
جو فون ہم استعمال کرتے ہیں۔ سیر وتفریح اور تقریب میں استعمال ہونے والا کیمرہ، سیریل اور مناظر دیکھے جانے والی ٹی وی، یہ تمام آلے جو ہم استعمال کرتے ہیں ضروری الکٹرانک آلے (Gadgets) کہلاتے ہیں۔
ضروری الکٹرانک آلے ایک چھوٹے الکٹرانک مشین یا آلے ہوتے ہیں جو ہمارے لئے فائدہ مند ہیں۔ کئی آلوں نے ہماری طرزِ زندگی کو تبدیل کر دیا ہے۔ یہ ہماری زندگی میں خوشیاں پہنچا رہی ہیں۔

مثال:

لیپ ٹاپ　　کیمرہ　　اسپیکر

فون　　پن ڈرائیو

### اسمارٹ فون:

بول چال کے علاوہ، اسمارٹ فون میں انٹرنٹ کے وسیلے، فائلیں محفوظ کرنا، تصویریں لینا، مقامات کی کھوج اور بہت کچھ قابلیت اس میں ہوتی ہیں۔

### چھوٹا میوزک پلے یر

اس کے ذریعہ ہزاروں، نعت، حمد، بیانات کو محفوظ کر لیا جا سکتا ہے۔
یہ نعت، حمد، بیانات کہیں بھی اور کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

### ٹیب لیٹ

لوگ ٹیب لیٹ کو کتابیں پڑھنے، گیم کھیلنے اور ویڈیو دیکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:57 PM

## پن ڈرائیو

یہ ایک چھوٹا الکٹرانک آلہ ہے جو کسی بھی قسم کی فائل کو کمپیوٹر سے منتقل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## برقی ٹارچ :

یہ ایک چھوٹا ہاتھوں میں تھاما جانے والا برقی ٹارچ ہے۔ٹارچ کو سوئچ آن کر کے اندھیرے مقامات میں روشنی پہنچانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

دئے گئے الکٹرانک آلوں کے نام لکھئے:

(ویب کیمرہ ، ریموٹ ، اسپیکر ، کیمرہ ، ہیڈفون)

_____ _____ _____ _____ _____

## محاسبہ

I ۔ صحیح جواب منتخب کیجئے:

1۔ بعض جانوروں کے بچوں کے لئے توانائی کا ابتدائی ذریعہ..... ہے۔

(a) پانی (b) پھل (c) دودھ

2۔ ہڈیوں کی بحالی میں دودھ میں موجود کون سا وٹامن مدد دیتا ہے؟

3۔ (a) وٹامن E (b) وٹامن C (c) وٹامن D

3۔ انسانوں کی ایک قدیم غذا ہے۔

(a) سویاں (b) کیک (c) نان

4۔ ..... ایک کچی غذا ہے۔

(a) ککڑی (b) چپاتی (c) نان

5۔ الکٹرانک آلے جس سے ہم نعت، بیان سنتے ہیں۔

(a) پن ڈرائیو (b) کیمرہ (c) میوزک پلیئر



4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:58 PM

## II۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے:

1 چیس اور پنیر اس سے حاصل کیا جاتا ہے.....

2 .....کے ذریعے ہاضمہ کے لئے تغذیوں کو تیار کیا جاتا ہے۔

## III۔ جوڑ لگایئے:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ میوزک پلیئر | - | دنیا کے ساتھ تعلق قائم رکھتا ہے |
| 2۔ اسمارٹ فون | - | اطلاعات محفوظ کرتا ہے |
| 3۔ برقی ٹارچ | - | گیم کھیلنا |
| 4۔ پن ڈرائیو | - | روشنی فراہم کرتا ہے |
| 5۔ ٹیبلیٹ | - | نعت، بیان سننا |

## IV۔ جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

1۔ دودھ سے حاصل ہونے والی غذائی اشیاء کے نام لکھئے؟

2۔ کوئی تین تنور میں سینک کر پکائی جانے والی غذائی اشیاء کے نام لکھئے؟

3۔ اسمارٹ فون تمہیں کس لحاظ سے مددگار ہے؟

4۔ غذا کیا ہے؟

## V۔ تفصیلی جواب لکھئے:

1۔ غذا پکانے سے مضر جراثیم ختم ہو جاتے ہیں۔ پکانے کے دیگر فائدوں کو لکھئے؟

2۔ ہمیں دودھ کیوں پینا چاہئے؟

## VI۔ پروجکٹ Project

1۔ آپ کے استعمال کردہ الکٹرانک آلوں کی فہرست بنایئے؟

2۔ دودھ کے اشیاء کی مختلف قسموں کی جدول بندی کیجئے؟



100
95
75
25
5
0

4th science unit 4 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 1:52:58 PM

# 4

# Social Science سماجی سائنس

## Term-1 میعاد - 1

# فہرست


| اکائی | عنوان | صفحہ نمبر | مہینہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ندیوں کے قریب سلطنتیں | 125 | جون |
| 2 | زمین کی پانچ شکلیں (خطّے) | 135 | جولائی |
| 3 | منسپالٹی اور کارپوریشن | 147 | اگسٹ |


A1XIU

E-Book

AOLP1

Evaluation

4 M Sc SoSc UM T1 V2 23-24 128
Friday, March 03, 2023 10:30:21 PM

# اکائی 1 ندیوں کے قریب سلطنتیں

SNV23

## سیکھنے کے مقاصد

- سنگم دور کی ٹمل سلطنتوں کے بارے میں جاننا۔
- چیرا، چولا اور پانڈیا کے بارے میں جاننا۔
- سنگم دور کی انتظامیہ، اقتصادیات اور سماجی حالات کو سمجھنا۔
- کُرونِلا مَنّر گل (جاگیرداروں) کے بارے میں جاننا۔




4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:32 PM




## تعارف

قدیم زمانے میں لوگ ندیوں کے کنارے بسیرا کرتے تھے۔
وہ زراعتی فصلیں اگاتے تھے۔ وہ ہرے بھرے میدانوں میں مویشیوں کو چراتے تھے۔ اس طرح ابتدائی چیرا، چولا، پانڈیا اور دوسری سلطنتیں ندیوں کے کنارے ابھریں۔

| سلطنتیں | | ندیوں کے کنارے |
|---|---|---|
| چیرا | - | پوئی گئی |
| چولا | - | کاویری |
| پانڈیا | - | ویگئی |
| پلاوا | - | پالار |

## چیرا (Cheras)

چیرا، نے **موویندروں** سے پہلے حکومت کی، جنہوں نے پوئی گئی ندی کے کنارے حکومت کی اور ان کا پایۂ تخت **وَنجی** تھا۔
چیرا کی حکومت موجودہ **ایروڈ، تروپور، کوئمبتور** اور **نیلگری** کے مغربی ضلعوں میں قائم تھی۔ کیرلا بھی اسی سلطنت کا ایک حصہ تھا۔ چیرا سلطنت کو **چیرا ناڈو** کہا جاتا ہے۔
چیرا ناڈو کا بڑا حصہ اونچے اونچے پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا۔ چیرا ناڈو کے بڑے حکمران **اِمَیا وَرَمبن نڈون چیرا لادن** اور اس کا بیٹا **سنگٹون** تھے۔ چیرا راجہ نڈون چیرالادن نے ہمالیہ تک فتح حاصل کی اور ہمالیہ پر اپنا جھنڈا لہرایا جس پر **تیر اور کمان** کا نشان تھا۔ اس لئے اس کو **اِمَیا وَرَمبن نڈون چیرالادن** کا لقب ملا تھا۔
**نڈون چیرالادن** کا بیٹا **چیرن سنگوٹون** ایک قابل حکمران تھا جس نے **کنّگی** کا مجسمہ نصب کیا۔ کنّگی کا مندر، ان پتھروں سے بنایا گیا جو راجہ **کنکا وجیا** کو شکست دینے کے بعد ہمالیہ سے لائے گئے تھے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان پتھروں کو چیرا ناڈو کے ہاتھوں گرفتار کئے گئے سپاہیوں کے سروں پر لاد کر لایا گیا تھا۔



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:33 PM

ہمالیہ

چیرن سنگوٹون

اسے سنگٹون کے بھائی **اِلنگواڈیگل** کی لکھی گئی رزمیہ نظم **سلپدری گارم** سے سمجھا جا سکتا ہے۔ سنگم دور کے چیرا راجاؤں کے بارے میں **پتِرو پتّو** سے معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**چیرا** 1۔ ندی - پوئی گئی　　2۔ پایۂ تخت - وَنجی

3۔ بندرگاہ - تونڈی۔موسیری　　4۔ جھنڈا - تیر اور کمان

## جواب دینے کی کوشش کیجئے

- ابتدائی چیراؤں کے عظیم راجہ کون تھے؟
- النگواڈیگل کی لکھی ہوئی رزمیہ نظم کا نام لکھئے؟

## Cholas چولا

ابتدائی چولاؤں نے **کاویری ندی** کے کنارے **اُرئیور** کو اپنا پایہ تخت بنایا تھا اور وہاں حکومت کی تھی۔ **اوروترنگ کنّانار** نے اپنی کتاب **پٹّنا پالئی** میں وضاحت کی ہے کہ **چولا ناڈو چاول** کے لئے مشہور تھا۔

چولا سلطنت **ترچراپلی، تنجاور، پدوکوٹائی، ناگاپٹنم، تروواارور، پرمبلور، اِرِیالور** اور **کڈلور** ضلعوں پر مشتمل تھی۔ دریائے کاویری کی وجہ سے چولاؤں کی زمین زرخیز تھی۔ راجا اپنی رعایا کے ساتھ انصاف کرتے تھے۔ چولاؤں کا سب سے عظیم راجہ **کریکالا چولا** تھا جو **کریکال پیروالا دن** کہلاتا تھا۔

کریکالا چولا نے بادشاہت کی ذمہ داری چھوٹی عمر میں لے لی تھی اور اس نے اچھے طریقہ سے حکومت کی۔ جب وہ نوجوان تھا تو اسے قید کر دیا گیا تھا۔ اس کمرے میں آگ لگ گئی۔ اس آگ کے حادثے میں اس کے پاؤں جل گئے تھے۔ اس کے جھلسے ہوئے پیروں کی وجہ سے وہ **کریکالن (جلے پاؤں والا)** کہلایا۔

چھوٹی عمر میں وہ بڑی عمر کے آدمی کی طرح رہتا تھا اور اس نے ہوشیاری سے ایک کیس میں انصاف کا فیصلہ کیا۔



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:34 PM

کریکالا چولا

چیراؤں اور پانڈیاؤں نے متحد ہوکر ویّنی کے مقام پر کریکالن پر حملہ کیا۔ اس لڑائی میں آخر کار کریکالن نے دونوں حکمرانوں کو شکست دی اور فاتح بن کر آیا۔ اس نے سری لنکا پر حملہ کر کے وہاں سے قیدی لائے اور ان قیدیوں سے دریائے **کاویری** پر **کلا نائی ڈیم** کی تعمیر کا کام لیا اور یہ بند 2000 سالوں کے گزرنے کے باوجود آج بھی اپنے مقام پر کھڑا ہے۔

**چولا:**

1۔ ندی - کاویری
2۔ پایہ تخت - ارئیور
3۔ بندرگاہ - کاویری پوم پٹنم
4۔ جھنڈا - باگھ

کلاّ نئ (عظیم انئ کٹ)

## آیئے معلوم کرتے ہیں

کلاّ نئ کو چولا راجہ کری کالن نے دوسری صدی میں تعمیر کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ دنیا کا سب سے قدیم ڈیم ہے جو ابھی تک استعمال میں ہے۔ پتھروں اور چونے کے گارے سے اس کی تعمیر کی گئی تھی۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے

- قدیم دور کا عظیم چولا راجہ کون تھا؟
- چولاؤں کے پایہ تخت اور بندرگاہ کا نام لکھئے؟

## پانڈیا Pandyas

پانڈیاؤں نے اپنی حکومت **ویگئی ندی** کے کنارے قائم کی تھی اور ان کا پایۂ تخت **مدورئی** تھا۔ قدیم پانڈیا سلطنت **مدورائی، تینی ، ڈنڈیگل، ورودونگر، ترنل ویلی، ٹوٹی کورن، سیوا گنگئی اور رامناداپورم** ضلعوں پر مشتمل تھی۔

سنگم دور کا مشہور شہر جو ابھی تک باقی ہے وہ مدورائی ہے۔ پانڈیا کا علاقہ موتیوں کے لئے مشہور ہے۔ پانڈیاؤں کی سرپرستی میں **مُتّمِو کے سنگم** مدورائی میں منعقد ہوئے۔ تیسری ٹمل سنگم مدورائی میں منعقد ہوئی تھی۔ مُتّمِژ پانڈیاؤں کے



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:37 PM

دور میں بہت چمکا تھا۔اس دور کے مشہور بادشاہ
**تلائی یلن گانتو سروویندرا پانڈیا ندون چیزین** اور
**سلپدی گارم** کے **پانڈیا ندون چیژین** تھے۔
جب پانڈیا ندون چیژین کم عمر لڑکا تھا تو اس نے ایک جنگ **تلائی یلن گنم** کے مقام پر چیرا، چولا اور زمین داروں کے مقابلہ میں لڑی تھی (**کروٗلامتّرگل**)۔اس نے متحدہ فوجوں کو شکست دی۔اس لئے اسے **تلائی یلن گانتو سروویندرا پانڈیا نڈونچیژین** کا لقب ملا تھا۔



## سلپدی گارم:

پانڈیا نڈونچژین کی حکومت کے دوران اس نے **کوولن** کو چوری کے الزام میں قتل کر دیا۔کوولن کی بیوی **کنّگی** نے وکالت کرتے ہوئے ثابت کیا تھا کہ اس کا شوہر جرم سے بری ہے۔ جب راجہ کے سامنے سچائی آ گئی تو اس نے کہا

**''یانو اراسن، یانے کلون۔کیڈو گاون آئیل''** ۔ بنا تحقیق کے ایک معصوم (کوولن) کو قتل کر دینے کی وجہ سے بادشاہ نے کہا ''میں ہی بادشاہ اور میں ہی چور ..... مجھے میری زندگی ختم کر لینی چاہئے''۔ یہ کہہ کر وہ تخت سے گرا اور اس نے اپنی جان دے دی۔اس صدمے کو برداشت نہ کرتے ہوئے اس کی بیوی **کوپرم دیوی** نے بھی وہیں دم توڑ دیا۔پانڈیاؤں کے انتظامیہ کے نقشہ کو مدورائی کانچی میں مانگڈی مروتھانر نے کھینچا ہے۔

**پانڈیا** 1۔ ندی - ویگئی　　2۔ پایہ تخت - مدورائی
3۔ بندرگاہ - کورکئی　　4۔ جھنڈا - مچھلی

**جواب دینے کی کوشش کیجئے**

- سلپدی گارم میں کس پانڈیا راجہ کا تذکرہ ہے؟
- کس نے **مدورائی کانچی** لکھی ہے؟
- پانڈیاؤں کے جھنڈے میں کیا نشان ہے؟

**آیئے معلوم کرتے ہیں**

قدیم مدورائی میں دن میں کھلنے والے بازاروں کو نالنگاڈی اور رات کے بازاروں کو الںگاڈی کہا جاتا تھا۔



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:40 PM

## قدیم ٹمل سلطنتیں (موویندرگل)

خالی جگہ بھرتی کیجئے:

| سلطنتیں | پایہ تخت | بندرگاہ | نشان | مشہور راجہ |
|---|---|---|---|---|
| چیرا | ونجی | _____ | تیراورکمان | _____ |
| چولا | _____ | کاویری پوم پٹنم | _____ | کری کالا چولن |
| پانڈیا | مدورائی | _____ | مچھلی | _____ |

ٹمل ناڈو کے موجودہ ضلعوں میں موویندرگل (راجاؤں) کے علاقوں کی فہرست بنایئے۔

چیرا : _____

چولا : _____

پانڈیا : _____

## پلّوا (pallavas)

ابتدائی پلّوا، **پالار** ندی کے کنارے حکومت کرتے تھے۔ان کا پایہ تخت **کانچی پورم** تھا۔ان کی حکومت کے علاقے **تونڈی منڈلم** کہلاتے تھے۔وہ علاقے ٹمل ناڈو کے شمال مشرقی حصے میں واقع ہیں۔

مہابلی پورم

پنچ رتھ (ایک پتھر سے تعمیر کردہ)

باگھ کا غار

ورہا کا غار کا مندر

ابتدائی پلّوا کی سلطنت کی بنیاد **سیواس کنتھا ورماپلّون** نے رکھی۔اس نے **تونڈی منڈلم** کو متحد کیا اور وہاں حکومت کی۔ابتدائی پلّوا کے عظیم راجہ **سیواس کنتھا ورمن** اور **وشنو گوپن** تھے۔

بعد کے پلّوا کا دور سمہا وشنو کے دور سے شروع ہوا۔اس دور کے عظیم راجہ مہیند رورمن اور نرسمہا ورمن تھے۔ پلّواؤں کے بڑے کارنامے غار کے مندر اور ایک پتھر سے تراشے گئے رتھ ہیں۔

**پلّوا :** 1۔ ندی - پالار 2۔ پایہ تخت - کانچی پورم

3۔ بندرگاہ - مہابلی پورم 4۔ جھنڈا - نندی



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:42 PM

کیا تمہیں معلوم ہے؟

مہیندر اورمن کا بیٹا نرسمہا ورمن پلّواؤں کا عظیم بادشاہ گزرا ہے۔ اس کی شہرت کی وجہ سے اسے ماملّن کہا جاتا ہے۔اس کی بہادری کے عوض، بندرگاہ کا ایک شہر، ماملّاپورم اس کے نام منسوب کیا گیا ہے، جس کا نام مہابلی پورم تھا۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے

- پلّواؤں کا پایہ تخت کون سا تھا؟
- ٹمل ناڈو میں تونڈی منڈلم کہاں واقع ہے؟

## جاگیردار: (کُرونِلا منّرگل)

موویندرگل کے علاوہ بہت سے **جاگیردار یا کرونِلا منرگل** بھی چھوٹے چھوٹے علاقوں پر حکومت کرتے تھے۔ان میں اہم **پیگن، پاری، نیڈوموڈی کاری، آئی، اِدِیمان، ننّی، ولِول اوری** تھے۔

پیگن

پاری

نیڈوموڈی کاری



اِدِیمان



ولِول اوری

یہ سارے بادشاہ اپنی سخاوت کی وجہ سے مشہور ومعروف تھے۔اس لئے یہ **کڈائی ایژو ولّل گل (آخری سات سخی)** کہلاتے تھے۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے۔

- کس نے شاعرہ اووئی کو آملہ (Gooseberry) کی پیش کش کی؟
- کس نے اپنی شال مور کے اطراف ڈالی؟

## سنگم دور میں انتظامی اُمور

ارَسن (راجہ) کو خصوصی طور پر رعایا **کو، کون، ویندن، کوٹراون، اِرئی** کے ناموں سے یاد کرتے تھے۔
ہر سلطنت کا **اپنا جھنڈا، نشان، عصا، تلوار، ڈھول** اور **چھتری** ہوتی تھی۔



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:44 PM

راجہ نہ صرف جنگجو بلکہ تعلیم یافتہ بھی ہوتے تھے۔ بادشاہت موروثی ہوتی تھی۔ پہلا بیٹا حکمران بنتا تھا۔ بادشاہ اپنی رعایا کی اچھی طرح دیکھ بھال کرتا تھا۔

## مہمان نوازی: (Hospitality)

سنگم دور میں مہمان نوازی کو ایک نمایاں مقام حاصل تھا۔ اگر مہمان کو گھر کے باہر ٹھہرایا جاتا تو اسے گناہ خیال کیا جاتا تھا۔

**کاکئی پاڈینار** ایک مشہور شاعر تھا جس نے کوّے کی تعریف میں ایک نظم لکھی تھی جس نے مہمان کے آنے کی خبر دی تھی۔ **پُرانانورو** میں اس بات کی وضاحت ہے کہ مہمان نوازی ٹمل والوں کے اہم فرائض میں سے ایک فریضہ تھا۔

## اقتصادی حالات

سنگم دور میں بہت سے فنون اور دستکاریوں کو فروغ حاصل ہوا۔ اقتصادیات کی ترقی کی وجہ سے لوگ خوش حال زندگی گزارتے تھے۔

**دھان اور گنا** اہم فصلیں تھیں جو اگائی جاتی تھیں۔ اس کے علاوہ **باجرہ، تِنائی اور سامئی (اناج)** کی کاشت بھی کی جاتی تھی۔



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:45 PM

زراعت بڑھے گی تو تم ترقی کروگے
تم ترقی کروگے تو دھان کی فصل بڑھے گی
دھان ملے گی تو خاندان ترقی کریں گے
خاندان ترقی کریں گے تو ملک ترقی کرے گا
ملک ترقی کرے گا تو سارا جہاں ترقی کرے گا

اوویارؔ کی نظم

اوپر کی نظم میں شاعرہ اوویار نے اس بات کا پیغام دیا ہے کہ بادشاہت کی خوش حالی اور کامیابی زراعت کی ترقی میں منحصر ہے۔

## آیئے جانکاری حاصل کریں

شاعرہ اوویار ہمیشہ اہمیت سے یہ بات کہتی تھی۔ ''ورپویارا'' اس سے سنگم دور میں زراعت کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

## عورتوں کا مقام

عورتوں کو سماج میں عزت کا مقام حاصل تھا۔ ایک ہی شادی کرنے کا رواج تھا۔ بہادری میں عورتیں مردوں کے برابر تھیں۔ **پرانانورو** میں یہ بات کہی گئی ہے کہ جنگ کے پہلے دن ایک عورت کا باپ مارا گیا، دوسرے دن اس کا شوہر مارا گیا۔ اتنے بڑے نقصان کے باوجود اس نے اپنے بیٹے کو میدان جنگ میں پورے جوش و جذبہ کے ساتھ بھیجا۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سنگم دور کی ایک عورت نے اپنے ہاتھ میں رکھے ہوئے سوپ کی مدد سے ایک جنگلی باگھ کو بھگایا تھا۔

فصل کے کٹاؤ کا تہوار

## تہوار (Festivals)

سنگم دور کے لوگ مختلف تہوار مناتے تھے۔ **کارتی گئی، تروواد یرائی** اور کاشت کاری کے تہوار زیادہ منائے جاتے تھے۔ **پٹنا پالئی** میں **اُرودِرن کنّانار** نے لکھا ہے کہ بہت ہی مشہور تہوار ''**اندراویژا**'' **پوہار** میں منایا جاتا تھا۔

## جواب دینے کی کوشش کیجئے

موجودہ دور میں ٹمل والوں کے تہواروں کی فہرست تیار کیجئے۔

| اہم الفاظ Glossary | | |
|---|---|---|
| Kingdom | - | ایک ملک جس میں ایک بادشاہ یا رانی حکمرانی کرتے ہیں |
| Sangam Age | - | قدیم تمل ناڈو کی تاریخ کا ایک دَور |
| Hail | - | ہنسی خوشی ملاقات کرنا، تعظیم کرنا |



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:47 PM

| | | |
|---|---|---|
| Disguised | - | ظاہری شکل کو بدلنا |
| Tactful | - | بات ایسی کرنا جس سے کسی کے دل کو ٹھیس نہ پہنچے |
| Prosecute | - | عدالت میں کسی پر یہ الزام لگانا کہ وہ اس جرم کا ذمہ دار ہے |
| Patronage | - | کسی شخص کا ایک تنظیم کی تائید کرنا |
| Reign | - | کسی شہنشاہ کا دورِ حکومت |
| Depict | - | کسی شخص کی زندگی کے بارے میں تصویر یا کہانی کے ذریعہ اظہار کرنا |

## Evaluation محاسبہ

### I۔ صحیح جواب منتخب کیجئے:

1۔ چیرا، چولا اور پانڈیا ..... کہلاتے تھے۔
(a) ناین مارس (b) موویندر گل (c) کروِلا منّر گل

2۔ چیراؤں میں قابل راجہ ..... تھا۔
(a) کری کالن (b) ولوِل اوری (c) چیرن سنگٹون

3۔ چولاؤں کی بندرگاہ ..... تھی۔
(a) کاویری پوم پٹنم (b) چنئی (c) تونڈی

4۔ پانڈیا کا جھنڈا ..... تھا۔
(a) مور (b) مچھلی (c) ماگھ

5۔ وہ راجہ جس نے اپنا رتھ مُلّئی (کانٹوں کی بیل) کو دیا تھا، وہ ..... تھا۔
(a) پاری (b) پیگن (c) ادیامن

### II۔ جوڑ لگایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | چیرا | - وئی گئی |
| 2۔ | چولا | - پالار |
| 3۔ | پانڈیا | - پوئی گئی |
| 4۔ | پلّوا | - کاویری |

### III۔ مختصر جواب لکھئے۔

1۔ چیراؤں کے عظیم راجا کون تھے؟
2۔ کڈئی ایژوولل گل کون تھے؟
3۔ کری کاکن کے کارناموں کے بارے میں لکھو۔
4۔ پلّواؤں کا پایہ تخت اور ساحلی شہر کون سا تھا؟

### IV۔ یہ جملہ کس نے کہا؟

1۔ ''یانو اراسن ، یانے کلون''



4th social unit 1T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 7:38:48 PM

# اکائی 2 زمین کی پانچ شکلیں (خطّے) Five Landforms

AWI34



- قدیم ٹمل ناڈو میں مختلف قسم کی زمینوں کے بارے میں جاننا۔
- درجہ بندی کے موضوع کے بارے میں جاننا۔
- ٹمل ناڈو کی مختلف زمینوں میں رہنے والے لوگوں کی طرز زندگی کو سمجھنا۔

## تمہید

- تمہارے آبائی مقام کا نام کیا ہے؟
- تمہارا آبائی مقام کس ضلع میں واقع ہے؟
- تم اپنے گھر کے اطراف کیا دیکھتے ہو؟



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:42 PM

ہم اپنے گھر کے اطراف، کھیت، گھر، درخت، پتھر اور خشک زمینیں دیکھتے ہیں۔ اسی طرح ہم زمین میں بہت ساری چیزیں دیکھتے ہیں۔

1۔ تم زمین پر کہاں زیادہ پہاڑیاں دیکھتے ہو؟ پہاڑ

2۔ تم زیادہ درختوں کے ساتھ کہاں جنگلی جانوروں کو دیکھتے ہو؟ جنگل

3۔ دھان کہاں اگتی ہے؟ زراعتی زمین

4۔ تم ساحلِ سمندر کہاں دیکھتے ہو؟ سمندر

5۔ بے فائدہ زمین کا نام کیا ہے؟ بنجر زمین

زمین کی سطح پر جو مقامات ہم دیکھتے ہیں انہیں زمین کے خطّے کہا جاتا ہے۔ آیئے ہم دیکھیں کہ قدیم ٹمل ناڈو میں کس طرح زمینوں کو مختلف قسموں میں ان کی زرخیزی اور لوگوں کی کارروائیوں کے مطابق تقسیم کیا گیا تھا۔

## ٹمل ناڈو کے طبعی خصوصیات اور زمین کے خطّے

کرّہ ارض

شمسی خاندان میں زمین تیسرا سیارہ ہے۔ اس میں آکسیجن اور مناسب تپش زندہ رہنے کے لئے موجود ہے۔ اس لئے ہم زمین کو حیاتی کرہ کہتے ہیں۔

کرّہ ارض یا کرّۂ حیات پانچ قدرتی عناصر سے گھرا ہوا ہے۔

یعنی زمین، پانی، ہوا، آگ اور آسمان

زمین کے پانچ خطّے



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:43 PM

# زمین

## زمین کے طبیعی خصوصیات

K18RA




## ٹمل ناڈو کے زمینی خطے

- سنگم دور کے لوگوں نے کام کرنے کی بنیاد پر زمین کو پانچ قسموں میں درجہ بندی کی تھی۔
- پانچ تِنائیوں (thinais) میں سے صرف چار قسمیں مستقل تھیں اور وہ یہ تھیں کرنجی، ملئی، مرودم اور نیدل۔ زمین کی پانچویں قسم پالئی اس وقت بنتی تھی جب کرنجی اور ملئی سوکھ جاتے تھے۔

## I. پہاڑ (کرنجی زمین)

پہاڑ ایک بڑا جغرافیائی علاقہ ہوتا ہے جو آس پاس کے زمینی علاقوں سے چوٹیوں کے ساتھ بلند ہوتا ہے۔ پہاڑ اور اس کے آس پاس کا علاقہ کرنجی زمین کہلاتا ہے۔





4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:44 PM

## 1۔ عنوان یا موضوع (The Theme)

یہ عنوان دیوتا، عوام، پیشہ، پودے، پھول، جانور، پرندے اور موسیقی کے آلات سے متعلق بحث کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| دیوتا | مروگن |
| عوام | کُرُوَر، کُرا تِھیر |
| پیشہ | شکار جڑوں اور شہد کو جمع کرنا |
| پودے/ پھول | بانس، وینگئی / کرنجی پھول |
| جانور/ پرندے | بندر، ہرن/ مور، طوطا |
| موسیقی کا آلہ | کرنجی یاژ Kurinji Yazh |

## 2۔ عوام اور ان کے پیشے:

- پوروپّن – سپاہی
- ویرپان – قبیلوں کا سردار یا لیڈر، ہتھیار سے لیس
- سِلَمبن – جنگ کے فن کا ماہر
- کُرَوَر – شکاری اور شہد جمع کرنے والا
- کاناور – پہاڑی جنگل کے آدمی

## 3۔ کرنجی زمین کی مٹی

- کرنجی زمین کی مٹی لال اور سیاہ ہوتی تھی جس میں پتھر اور کنکریاں ہوتی ہیں۔

**ٹمل ناڈو کی چند پہاڑیاں**

کولّی پہاڑی، شیروَرائن پہاڑی، کلراین پہاڑی، نیلگری پہاڑ، جوادی پہاڑی، ایلگری پہاڑی




4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:45 PM

نادِر پھول - کرنجی

یہ نادِر پھول
بارہ سال میں ایک مرتبہ اگتا ہے۔
یہ مغربی گھاٹ میں خوب اگتا ہے۔اس کی
پیداوار جولائی، آگسٹ، ستمبر میں ہوتی ہے،
اس پھول کی ادویاتی اہمیت ہے۔

## II۔ جنگل (ملّئی زمین)

ایک بڑا خطہ جو درختوں سے گھرا ہوا ہوتا ہے، جنگل کہلاتا ہے۔ جنگلاتی خطے کو ملّئی کہا جاتا ہے۔اس خطے کو سرخ مٹی کی موجودگی کی وجہ سے سمبُلم بھی کہا جاتا ہے۔

### 1۔ عنوان یا موضوع (The Theme)

| | |
|---|---|
| دیوتا | ترومال |
| عوام | اِڈائی یار۔اڈائی چیار۔آیار۔آئی چیار |
| پیشہ | مویشی پالنا/ چرانا، پھلوں کو جمع کرنا، باجرہ اگانا |
| پودے/پھول | امرود/ملئی پھول |
| جانور/پرندے | ریچھ، خرگوش/طوطا |
| موسیقی آلہ | ملئی یاژ Mullai Yazh |



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:45 PM

## 2۔ عوام اور ان کے پیشے

❖ اِڈائی یار – دودھ فروش

❖ آیار – مویشی پالنے والا

## 3۔ ملّئی زمین کی مٹی

❖ ملّئی زمین میں سرخ مٹی پتھروں اور کنکریوں کے ساتھ ہوتی ہے۔

## ٹملناڈو میں جنگلات

1۔ مانگرو جنگلات – کڈلور ضلع میں پچاورم

2۔ مالئی جنگلات – نیلگری ضلع

3۔ محفوظ جنگلات – کنیا کماری ضلع

4۔ شولا جنگلات – کوئمبتور اور نیلگری ضلع

## آیئے جانکاری حاصل کریں

| تیار شدہ اشیاء | استعمال ہونے والے درخت |
|---|---|
| کاغذ | بانس، تھائی لا، کوڈائی ویل |
| دیاسلائی | آئی لائی، مُل الاؤ |
| خوشبودار تیل | صندل کا درخت |
| مرہم، صابن | الُپّائی، نیم، کرنچ |



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:47 PM

پچاورم جنگل

پچاورم جنگل ایک دیہات ہے جو ٹمل ناڈو میں ضلع چدمبرم کے قریب واقع ہے۔ جو ہندوستان کا دوسرا بڑا مانگرو جنگل ہے۔ وہاں چھوٹے نباتات، آبی جانور وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ وہاں کا موسم مرطوب تپش والا ہے۔

## III۔ کھیت (مرودم زمین)

زمین پر وسیع ہموار خطہ میدان کہلاتا ہے۔
کھیت کی فصلوں اور اطراف واکناف
کو مرودم کہا جاتا ہے۔
(زراعتی زمین اور اس کے اطراف کا علاقہ)

### 1۔ عنوان یا موضوع (The Theme)

| | |
|---|---|
| دیوتا | اندِرَن (ویندن) |
| عوام | اُژاور، اُژاتیار |
| پیشہ | کھیتی |
| پودے/پھول | کانچی، مرودم/کنول، کوالئی |
| جانور/پرندے | بھینس/بگلا |
| موسیقی | مرودم یاژ Marutha Yazh |



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:48 PM

## 2۔ عوام اور ان کے پیشے:

- اُرن - چھوٹے زمیندار
- اژاون - کسان
- کڈائی یار - بیوپاری

## 3۔ مرودم زمین کی مٹی

مرودم زمین کی مٹی سیلابی مٹی اور سرخ مٹی سے بنی ہوئی ہے۔

حیرت انگیز حقیقت:

کلّانئی ایک بہت قدیم بندھ (ڈیم) ہے جو ٹمل ناڈو کے تنجاور ضلع میں موجود کاویری ندی پر بنایا گیا ہے۔ اس کی لمبائی 1080 فٹ، چوڑائی 66 فٹ اور اونچائی 18 فٹ ہے۔ یہ دنیا کا چوتھا قدیم پانی کو موڑنے کا نظام ہے جس کے ذریعہ کھیتوں کی آب پاشی کی جاتی ہے۔



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:49 PM

## IV سمندر/ساحل سمندر (نیدل زمینی خطہ)



نمکین پانی جو زمین کے ایک بڑے حصے کو گھیرے ہوئے ہے، سمندر کہلاتا ہے۔ سمندر اور اس کے اطراف کا علاقہ نیدل کہلاتا ہے۔

### 1۔ عنوان یا موضوع (The Theme)

| | |
|---|---|
| دیوتا | وَرونن (بارش کا دیوتا) |
| لوگ | پراتھاوار (مچھیرے/ ماہی گیری) |
| پیشہ | ماہی گیری |
| پودے/ پھول | پونّائی/ کندھال |
| جانور/ پرندے | مچھلی/ سمندری کوا |
| موسیقی | ولاری یاژ Vilari Yazh |

4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:50 PM

## 2۔ عوام اوران کے پیشے

- سریپان - سمندری غذا کے تاجر
- پولمبان - جو ناریل پر بسیرا کرتے ہیں۔
- پراتھاور - سمندری جنگجو، سمندری تاجر
- نولائیار - جولوگ ماہی گیری پر گزارا کرتے ہیں۔
- الاوار - نمک بنانے والا

## 3۔ نیدل زمین کی مٹی

❖ نیدل کی زمین نمکین مٹی سے بنی ہوتی ہے۔

معلوم شدہ جگہ نامعلوم حقیقت

مرینا ساحل مدراس (چنئی)
تمل ناڈو میں ایک قدرتی ساحل سمندر ہے۔ یہ دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ساحل ہے۔ یہ ساحل ہندوستان کے مشرقی حصہ خلیج بنگال میں واقع ہے۔ یہ ساحل شمال میں قلعہ سینٹ جارج سے شروع ہوکر جنوب میں فورشور اسٹیٹ میں ختم ہوتا ہے۔ اس کا کل فاصلہ 13 کلومیٹر ہے۔ (دنیا کا پہلا بڑا طویل ترین ساحل میامی ہے، جو فلوریڈا-امریکہ میں واقع ہے۔)

## V۔ خشک زمین (پالئی زمینی خطہ)

"وہ خشک زمینی خطہ جہاں بارش کم ہوتی ہے یا بالکل نہیں ہوتی ہے ریتیلی زمین جہاں خشک سالی ہوتی ہے۔ پالئی کہلاتی ہے۔ جب کرنجی اور ملئی سوکھ جاتے ہیں تو انہیں پالئی کہا جاتا ہے۔



148
Monday, June 15, 2020 12:29:12 PM

## 1۔ عنوان یا موضوع (The Theme)

| | |
|---|---|
| دیوتا | کوٹراوئی ( دیوی ) |
| عوام | ائی نار، ایٹریار |
| پیشہ | مویشی کو اٹھالے جانا |
| پودے/پھول | اُژنگئی ، پالئی/ ناگ پھنی ، اِلوپائی |
| جانور/ پرندے | باگھ ، ہاتھی/ چیل |
| موسیقی | پالئی یاژ Palai Yazh |

## 2۔ عوام اوران کے پیشے

- ماراور - جنگجو، شکاری
- ائینار - جنگجو

## 3۔ پالئی زمین کی مٹی

- پالئی زمین کی مٹی ریتیلی اور نمکین ہوتی ہے۔







4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:54 PM

| Glossary اہم الفاظ | | |
|---|---|---|
| Planet | - | ایک فلکی جسم جو حرارت اور روشنی نہیں دیتا ہے، اور سورج کے اطراف گردش کرتا ہے۔ |
| Composed | - | مختلف اشیاء سے بنانا |
| Occupation | - | کسی شخص کا پیشہ |
| Reserved forest | - | وہ جنگل جو کاٹنے سے اور جانوروں کے چرنے سے محفوظ کیا گیا ہو۔ |
| Fragrance | - | مہک یا خوش بو |

H09UV

## محاسبہ Evaluation

**I۔ فہرست بنائیے۔**

**1۔ پہاڑوں کے نام اور ان کے مقام کے نام لکھو کہ وہ تمہارے ضلع میں کہاں موجود ہیں؟**

ضلع

| نمبر | پہاڑ | مقام |
|---|---|---|
| 1. | | |
| 2. | | |

**2۔ تمہارے اسکول کے اطراف کے درختوں کے نام لکھئے؟**

| نمبر | درختوں کے نام |
|---|---|
| 1. | |
| 2. | |

**II۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔**

1۔ زمین پر وسیع ہموار خطہ ..... کہلاتا ہے۔
2۔ ..... چوتھا قدیم پانی کو موڑنے کا نظام ہے جس سے آب پاشی کی جاتی ہے۔
3۔ ..... جنگل کنیا کماری ضلع میں واقع ہے۔
4۔ زراعتی زمین اور اس کے اطراف کا علاقہ ..... کہلاتا ہے۔
5۔ ..... ہندوستان کا سب سے بڑا مانگرو جنگل ہے۔
6۔ مرینا بیچ ..... میں واقع ہے۔

**III۔ جوڑ لگائیے :**

a)

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ مرگن | - | ملّئی |
| 2۔ تروماں | - | پالئی |
| 3۔ اندِرن | - | کرنجی |
| 4۔ ورونن | - | مرودم |
| 5۔ کوڑاوئی | - | نیدل |

b)

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ دیوتا | - | جڑوں کو جمع کرنا |
| 2۔ پھول | - | کرووار ، کراتھیار |
| 3۔ لوگ | - | کرنجی پھول |
| 4۔ پیشہ | - | مرگن |

**IV۔ مختصر جواب لکھئے:**

1۔ پانچ تنائیوں کے عوام (باشندوں) کے نام لکھئے؟
2۔ ملئی زمین کے چار عنوان یا موضوع کی فہرست بنائیے؟
3۔ سمبلم کے بارے میں تم کیا جانتے ہو؟
4۔ پالئی (خشک زمینی خطہ) کس طرح بنتا ہے؟
5۔ پالئی کے عنوان یا موضوع کیا ہیں؟



4th social unit 2
Tuesday, June 09, 2020 8:02:55 PM

# اکائی 3 منسپالٹی اور کارپوریشن
# Municipality and Corporation

U0BDC

## سیکھنے کے مقاصد

- میونسپالٹی اور اس کے فرائض کے بارے میں جاننا۔
- مقامی حکومتوں کے نظام کو سمجھنا۔
- کارپوریشن اور گاؤں کی پنچایت کے افعال کو جاننا۔
- میونسپالٹی اور کارپوریشن کے ذرائع آمدنی کو معلوم کرنا۔



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:31 PM

سدید گرما کی چھٹیوں میں اپنے ماموں جان کے گھر گیا۔ ایک دن وہ وہاں ایک پارک میں کھیل رہا تھا۔ اس وقت اس نے سنا کہ منسپالٹی کا ملازم اعلان کررہا تھا کہ لوگ اپنے گھروں کے ٹیکس ادا کریں۔ سدید دوڑ کر اپنے ماموں کے پاس گیا۔



**ماموں جان**

تم کیوں دوڑ کر آرہے ہو سدید؟ کیا ہوا؟

**سدید**

ماموں جان منسپالٹی کیا ہے؟ ہم ٹیکس کیوں ادا کریں؟

**ماموں جان** منسپالٹی ایک قسم کی مقامی حکومت ہے جو چھوٹے شہروں میں ہوتی ہے جہاں کی آبادی 50,000 سے 1,00,000 تک ہوتی ہے۔ اسے مختلف وارڈوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ہمارا گھر دسویں وارڈ میں ہے۔ ہمارے شہر میں جملہ 30 وارڈ ہیں۔ ٹمل ناڈو میں 148 منسپالٹیاں ہیں۔

**سدید**

منسپالٹی کا سربراہ کون ہوتا ہے؟

منسپل آفس

منسپالٹی کے ملازمین



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:32 PM



ماموں جان

منسپالٹی کا سربراہ صدر ہوتا ہے۔
منسپالٹی کے صدر اور ممبروں کو براہِ راست لوگ چنتے ہیں۔
ممبروں کی میعاد پانچ سال ہوتی ہے۔
منسپالٹی کے ممبروں میں سے ایک کو نائب صدر کے لئے چنا جاتا ہے۔

سدید

ماموں جان منسپالٹی کے فرائض کیا ہیں؟



ماموں جان

- گلیوں کے لائٹ لگانا۔
- لائبریری بنانا اور ان کی دیکھ بھال کرنا۔
- مقامی بازار کا انتظام اور ان کی خبر گیری کرنا۔
- پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنا۔
- سڑکیں بچھانا۔
- کوڑا کرکٹ کی صفائی۔ (کچرا اٹھانا)

سدید

منسپالٹی کے کاموں کے لئے آمدنی کا ذریعہ کیا ہے؟



ماموں جان

مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت پیسے فراہم کرتی ہے۔ لوگ بھی مختلف ٹیکس ادا کرتے ہیں، جیسے گھر کا ٹیکس، پیشہ ورانہ ٹیکس، پینے کے پانی کا ٹیکس، دوکان کا ٹیکس، سڑک کا ٹیکس اور نکاسی کا ٹیکس وغیرہ۔ یہ سب میونسپالٹی کے آمدنی کے ذرائع ہیں۔



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:34 PM

## آیئے جانکاری حاصل کرتے ہیں

مقامی حکومتوں کا باپ - لارڈ رِپن



ماموں جان

مندرجۂ ذیل بھی منسپالٹیوں کے تحت آتے ہیں۔

- ٹاؤن شپ۔ مثال : نئی دہلی
- کنٹونمنٹ بورڈ۔ مثال : فرنگی ملئی (سینٹ تھامس ماؤنٹ)، کونور
- نوٹیفائیڈ ایریا کمیٹی






ماموں جان

مثال کے طور پر ہم چنئی، ترچی، کوئمبتور، مدورائی اور سیلم کو کارپوریشن کہتے ہیں۔

## آیئے جانکاری حاصل کرتے ہیں

- بلونت رائے مہتا کمیٹی نے 1957ء میں تین درجاتی پنچایت راج نظام کی سفارش کی۔
- اشوک مہتا کمپنی نے 1978ء میں دو درجاتی پنچایت راج نظام کی سفارش کی۔



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:40 PM

سدید

کارپوریشن کیا ہے؟



ماموں جان

چند منسپالٹیوں کو حکومت ٹمل ناڈو ان کی کثیر آبادی اور ٹیکسوں کی بنیاد پر انہیں کارپوریشن قرار دیتی ہے۔

سدید

ٹمل ناڈو میں کتنے کارپوریشن ہیں؟



ماموں جان

ٹمل ناڈو میں 15 کارپوریشن موجود ہیں۔ان میں سب سے پرانا چنّئی ہے۔

کارپوریشن کا دفتر

کارپوریشن میں کام کی نوعیت

سدید

ماموں جان! کارپوریشن کا سربراہ کون ہوتا ہے؟



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:42 PM



**ماموں جان**

کارپوریشن کے چیر پرسن کو میئر کہتے ہیں ۔ اسے بابائے کارپوریشن بھی کہا جاتا ہے ۔ کاپوریشن کے ممبروں کی میعاد پانچ سال ہے ۔ کارپوریشن کے لئے حکومت انڈین اڈمنسٹریٹو سروس آفسرس (IAS) یا اس کے برابر درجے کے آفسرس کو مقرر کرتی ہے ۔ بہت سارے شہروں کے لئے کارپوریشن موجود ہیں ۔

## منسپل کارپوریشن

| | | |
|---|---|---|
| 1. چنئی | 8. ایروڈ | 15. آوڈی |
| 2. مدورائی | 9. ویلور | 16. تامبرم |
| 3. کوئمبتور | 10. توتوکوڈی | 17. کانچی پورم |
| 4. ترچراپلی | 11. تنجائور | 18. کرور |
| 5. سیلم | 12. ڈنڈیگل | 19. کمباکونم |
| 6. ترنل ویلی | 13. ہسور | 20. کڈلور |
| 7. تروپور | 14. ناگرکوئل | 21. سیواکاسی |

**سدید**

کارپوریشن کے فرائض کیا ہیں؟



**ماموں جان**

- شہروں میں سڑکیں بچھانا اوران کی دیکھ بھال اور مرمت کرنا۔
- پینے کے پانی کی فراہمی ۔
- کوڑا کرکٹ کوٹھکانے لگانا۔
- لائبریریوں کو بنانا اوران کا انتظام کرنا۔
- پارک بنانا اوران کی دیکھ بھال کرنا۔
- پیدائش اور موت کے رکارڈس محفوظ رکھنا۔

4 M Sc SoSc UM T1 V2 23-24 156
Friday, March 03, 2023 7:30:07 PM

سدید

کارپوریشن کی آمدنی کا ذریعہ کیا ہے؟



ماموں جان

پیشہ ورانہ ٹیکس، جائیداد پر ٹیکس، تفریحات کا ٹیکس، کسٹم ڈیوٹی اور روڈ ٹیکس وغیرہ کارپوریشن کے آمدنی کے ذرائع ہیں۔

سدید

منسپالٹی اور کارپوریشن کے علاوہ اور کیا مقامی حکومتیں ہیں؟



ماموں جان

کارپوریشن اور منسپالٹی کے علاوہ پنچایتیں بھی ہیں۔
ان کے سربراہ اور ممبران کو بھی لوگ براہِ راست انتخاب کرتے ہیں۔ ان کے صدر اور ممبروں کی میعاد بھی پانچ سال ہے۔ پنچایت، ایگزیکٹو آفسر کی نگرانی میں ہوتی ہے۔ ٹاؤن پنچایتیں ان مقامات میں ہوتی ہے جہاں کی آبادی 5,000 سے زیادہ ہوتی ہے۔

سدید

ماموں جان! میں نے منسپالٹی اور کارپوریشن کے انتظامیہ کے نظام کو اچھی طرح جان لیا ہے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:45 PM



ماموں جان

بہت اچھا۔

کھانے کا وقت ہو گیا ہے، ہاتھ دھولو اور کھانا کھانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔

1۔ اپنے وارڈ کی لائبریریوں اور پارکوں میں ہونے والی کارروائیوں کو معلوم کرو اور معلومات کو اپنی کلاس میں تبادلہ خیال کرو۔

2۔ اپنے استاد کے ساتھ قریب کے کارپوریشن میں جاؤ، اور کونسل اسمبلی کا معائنہ کرو۔

3۔ تمہارے والدین کون کون سے ٹیکس ادا کرتے ہیں؟

| Glossary | | اہم الفاظ |
|---|---|---|
| Government | - | ایک سیاسی نظام جس سے ایک ملک چلایا جاتا ہے۔ |
| Tax | - | آمدنی یا منافع کا ایک حصہ جو عوام کے ذریعہ حکومت کو دیا جاتا ہے۔ |
| Revenue | - | دی گئی خدمات کے عوض حاصل کی گئی فیس |
| Population | - | وہ تمام لوگ جو ایک علاقہ میں رہتے ہیں۔ |
| Administration | - | ایک ادارہ کے نظام کو چلانے کے لئے کئے جانے والے انتظامات |
| Professional tax | - | کمانے والے تمام لوگوں پر ریاستی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ٹیکس |



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:47 PM

AR9WK

# محاسبہ Evaluation

## I۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے:

1۔ ٹمل ناڈو کا سب سے پرانا کارپوریشن ..... ہے۔

2۔ مقامی حکومت کا باپ ..... ہے۔

3۔ بلونت رائے مہتا کمیٹی نے تین درجاتی پنچایت راج نظام کی سفارش ..... میں کی۔

4۔ منسپالٹی کی میعاد .....سال ہے۔

## II۔ جوڑ لگایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ دیہی مقامی حکومت | – | آبادی 5,000 سے زیادہ ہو |
| 2۔ رِپن بلڈنگ | – | ٹاؤن شپ |
| 3۔ نئی ویلی | – | گراما پنچایت |
| 4۔ ٹاؤن پنچایت | – | کارپوریشن |
| 5۔ میئر | – | لارڈ رِپن |

## III۔ خالی خانوں کو بھرتی کیجئے۔

| نمبر | عہدہ | منسپالٹی | کارپوریشن |
|---|---|---|---|
| 1 | صدر | چیر پرسن | |
| 2 | تعداد | | 21 |
| 3 | میعاد | | |
| 4 | افسر | کمشنر | |
| 5 | آمدنی | | پیشہ ورانہ ٹیکس |

## IV۔ مختصر جواب لکھئے:

1۔ کارپوریشن کے فرائض کیا ہیں؟

2۔ منسپالٹی کے صدر کا انتخاب کس طرح ہوتا ہے؟

3۔ ٹمل ناڈو میں جملہ کتنے کارپوریشن ہیں؟

4۔ منسپالٹی کے ذرائع آمدنی کیا ہیں؟

5۔ مقامی حکومتوں کی ساخت سے متعلق لکھئے.



4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:47 PM

# Class IV - Mathematics, Science and Social Science (Term I, Volume 2)
## Urdu Medium - List of Translators and Reviewer

### Academic Advisor
**Dr. P. Kumar**
Joint Director (Syllabus),
SCERT, Chennai.

### Reviewer
**H. Mohammed Fairooze**
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' HSS,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

### Translators
### Mathematics
**H. Abrarul Haq**
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' HSS,
Vaniyambadi, Vellore Dist.

**Nazia Nikhath P.K.**
S.G. Assistant,
Haji Essa Abba Sait Aided
Primary School,
Chennai - 600 001.

### Science
**Mohamed Jaweed Akram**
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' HSS,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

**Imrana Tabassum**
S.G. Assistant,
Haji Essa Abba Sait Aided
Primary School,
Chennai - 600 001.

### Social Science
**Fahmeeda Tabassum**
B.T. Assistant,
Municipal Muslim Girls'
Middle School, Khaderpet,
Vaniyambadi, Tirupattur Dist.

**K. Taj Mohammed**
S. G. Assistant,
PUMS, Singarapettai.
Krishnagiri Dist.


### Layout Design and Illustration Team
Rajesh Thangappan
John Smith
Santhiyavu Stephen,Yogesh,
C. Prasanth,
Pakkirisamy Annadurai

Udhaya Info
Chromepet, Chennai

### In-House QC
Kamatchi Balan Arumugam
Arun Kamaraj Palanisamy
Jerald Wilson

### Wrapper Design
Kathir Arumugam

### Coordination
Ramesh Munisamy

### Urdu DTP and Layout
Mohamed Nusrath Sayeed
TAJ Printers,Vaniyambadi.

This book has been printed on 80 GSM Elegant Maplitho paper

Printed by offset at:




4th social unit 3 T1 2021
Tuesday, June 09, 2020 11:30:48 PM